PlayStore "Rohaandroid"
WWW.AIOURDUBOOKS.NET

مشہور شاعروں کی شاہکار غزلوں پر مبنی کتاب

100 بہترین غزلیں



WWW.AIOURDUBOOKS.NET
Rohaandroid
WWW.AIOURDUBOOKS.NET

انتخاب:
محمد ذیشان

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
www.aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

فہرست

شاعر کا نام	صفحہ نمبر	شاعر کا نام	صفحہ نمبر	شاعر کا نام	صفحہ نمبر
رئیس باغی	7	پروین حیدر	22	پروین شاکر	37
اسلم فریدی	8	حمیرا راحت	23	پیرزادہ قاسم	38
تنویر پھول	9	خواجہ حیدر علی آتش	24	تاثیر	39
حامد علی سید	10	ابن انشاء	25	تنویر سپرا	40
نجیب قاصر	11	احمد فراز	26	ثمینہ راجہ	41
نشاط غوری	12	اسلم انصاری	27	جعفر طاہر	42
حکیم خان حکیم	13	اطہر نفیس	28	جگر مرادآبادی	43
معراج رضاوی	14	افتخار عارف	29	جمال احسانی	44
آسی سلطانی	15	امجد اسلام امجد	30	جون ایلیا	45
مہدی عباس	16	انور شعور	31	الطاف حسین حالی	46
کامی شاہ	17	باقی احمد پوری	32	حبیب جالب	47
مقبول سہارنپوری	18	بشیر احمد بشیر	33	حسرت موہانی	48
شیر افگن جوہر	19	بشیر بدر	34	فاطمہ حسن	49
سیف الرحمٰن سیفی	20	بہادر شاہ ظفر	35	فانی بدایونی	50
ندا علی	21	بیدل حیدری	36	فراق گورکھ پوری	51

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

شاعر کا نام	صفحہ نمبر	شاعر کا نام	صفحہ نمبر	شاعر کا نام	صفحہ نمبر
فیض احمد فیض	52	شکیب جلالی	68	حسرت جے پوری	84
قابل اجمیری	53	حسن رضوی	69	ریحان اعظمی	85
قتیل شفائی	54	منیر احمد	70	شہناز نور	86
محسن نقوی	55	عبدالمجید عدم	71	کامران بشر	87
مرتضیٰ برلاس	56	عذرا بتول	72	نجیب قاصر	88
مصطفیٰ زیدی	57	طاہر عباس	73	محمد محمود مغل	89
منیر سیفی	58	عزم بہزاد	74	رخسانہ صبا	90
منیر سیفی	59	فہیم رودلوی	75	شناور	91
میر تقی میر	60	فیروز خسرو	76	مظہر ہانی	92
میر تقی میر	61	خاطر غزنوی	77	فرخ اظہار صدیقی	93
ناصر کاظمی	62	ادیب سہارنپوری	78	جلیل عشرت	94
نجیب احمد	63	بقا نظامی	79	ساجد وارثی	95
نوشی گیلانی	64	عندلیب شادانی	80	انور شعور	96
ڈاکٹر وزیر آغا	65	رضی اختر شوق	81	ظہیر کشمیری	97
یاسمین حیدر	66	تاجدار عادل	82	وضاحت نسیم	98
ضیا جالندھری	67	رسا چغتائی	83		

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/

aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

رئیس باغی

روٹھنے والے کو کس دل سے منانے جائیں
تجھے مل جائیں اگر زخم پرانے جائیں

مینہ نہ برسے تو رہے پیاس سے دھرتی بے کل
بارشیں ہوں تو پرندوں کے ٹھکانے جائیں

وہ جہاں گیر، نہ انصاف ہے ویسا، لوگو!
ہم کہاں عدل کی زنجیر ہلانے جائیں

نیند بیداری سے بہتر ہے کہ آرام سے ہوں
آنکھ کھل جائے تو سب خواب سہانے جائیں

ہے وہ اندوہِ دل وجاں کی نشانی پھر بھی
روز اس قبر پہ ہم پھول چڑھانے جائیں

ایسے پاگل بھی نہیں چاہنے والے تیرے
حال دنیا کو غمِ دل کا سنانے جائیں

شہرِ خوباں میں محبت کی اگر اے باغی
بارشیں ہوں تو کبھی ہم بھی نہانے جائیں

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

اسلم فریدی

روشنی یوں بھی مرے گھر میں ہوا کرتی ہے
خون کی بوند سے قندیل جلا کرتی ہے

تو نے پوچھا نہ کبھی شعلۂ نمناک کا حال
آتشیں اشک میں کیوں آنکھ رہا کرتی ہے

ظلمت شب سے ابھرتی ہوئی چیخیں تو سنو
یہ وہ آواز ہے جو حشر بپا کرتی ہے

جب گزرتا ہوں محبت کے شبستانوں سے
اس کی خوشبو مجھے پہچان لیا کرتی ہے

چوٹ ہے دل کی مگر آنکھ کو روتے دیکھا
کون مجرم ہے سزا کس کو ملا کرتی ہے

اپنے دروازے پہ تختی تو کوئی نصب کرو
گھر کی دیوار مکینوں سے گلہ کرتی ہے

اچھے وقتوں پہ فریدیؔ نہ کبھی ناز کرو
آزمائش کبھی یوں بھی تو ہوا کرتی ہے

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

تنویر پھول

نہ جانے یہ مسرت ہے کہ غم ہے
لبوں پر ہے تبسم ، آنکھ نم ہے
نہیں دل کو سکوں ہے ایک پل بھی
اے عشوہ گر! یہ تیرا ہی کرم ہے
بڑی سُرعت میں آہو زندگی کا
تعاقب میں جو صیادِ عدم ہے
طلسم سامری میں ہے کلیمی
یہ کیسا ظلم ہے کیسا ستم ہے
جبیں تیری جُھکی کعبے کی جانب
مگر دل تو ترا بیت الصنم ہے
نگہ آفاق کی جانب ہے جس کی
صبا رفتار اُس کا ہر قدم ہے
زبانِ پھول کی یہ گلفشانی
نظر کے سامنے کیا جامِ جم ہے

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

حامد علی سید

پست ہمت نہیں ، تکان میں ہے
اک پرندہ ابھی اُڑان میں ہے

تو بھی مصروف گردشِ دوراں
دل ہمارا بھی امتحان میں ہے

ہے سمندر کی گود میں سورج
آج کل دھوپ سائبان میں ہے

کوئی گھر میں ہے صورتِ خورشید
روشنی ہر طرف مکان میں ہے

وہ ہے تعبیر میرے خوابوں کی
اور میرے ہی خاندان میں ہے

ایک چہرہ ہے روبرو حامد
اک پری وش مری امان میں ہے

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

نجیب قاصر

کام اس کا ختم ہو گیا پیکر تراش کے
مارا گیا ارسطو ، سکندر تراش کے

وجہِ ستم تھے سو ہوئے مشقِ ستم بھی ہم
کچھ تو سبق ملا ہمیں دلبر تراش کے

سونی تو جاں لٹا کے امر ہو گئی مگر
روتا رہا کمہار بھی گاگر تراش کے

تعمیر قصر کیا ہوا بے دست ہو گئے
خوش ہو رہے تھے جو ابھی مرمر تراش کے

شداد کم نصیب کو کب یہ گماں ہوا؟
حیراں بھی ہو سکے گا نہ مرمر تراش کے

صد آفریں کہ مر کے بھی ٹھہرے وہ سر بلند
دیوار میں چنے گئے جو سر تراش کے

دیکھے ہیں ایسے کتنے ہی آزر یہاں نجیب
ہوتے ہیں سجدہ ریز جو پتھر تراش کے

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

نشاط غوری

بھٹک رہے ہیں وہ اب کو بہ کو ہماری طرح
لٹا کے قافلۂ رنگ و بو ہماری طرح

وہ اپنے حسن پہ نازاں ہیں یہ سمجھتے ہیں
جہاں میں کوئی نہیں خوبرو ہماری طرح

جلا کے راکھ کیا خاطرِ وفا خود کو
وفا کی رکھے کوئی آبرو ہماری طرح

ہم اہل علم ہیں اہلِ سخن ہیں اہلِ ادب
کوئی کرے تو سہی گفتگو ہماری طرح

نظر کے زاویے ہوتے ہیں مختلف سب کے
نہ ہم ہیں تیری طرح اور نہ تو ہماری طرح

تمام عمر گزاری تلاش میں تیری
کوئی کرے تو تیری جستجو ہماری طرح

شبِ فراق میں بہتے ان آنسوؤں سے نشاط
کوئی تو کرکے دکھائے وضو ہماری طرح

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

حکیم خان حکیم

کیسے کیسے راستے دکھلا رہی ہے زندگی
کتنے خوابوں میں ہمیں الجھا رہی ہے زندگی
گردش ایام سے گھبرا رہی ہے زندگی
ٹھوکریں ہر اک قدم پر کھا رہی ہے زندگی
آج رنج و غم سہی کل دن خوشی کے آئیں گے
دھیرے دھیرے دل کو یوں بہلا رہی ہے زندگی
راہ الفت کے مسافر غور کر کچھ سوچ تو
چلتے چلتے ہی گزرتی جا رہی ہے زندگی
ساتھ جینے ساتھ مرنے کی قسم جب کھائی تھی
پھر اکیلا چھوڑ کر کیوں جا رہی ہے زندگی
دل خدا کی یاد سے غافل رہا تو کیوں رہا
بیتے لمحوں پر بہت پچھتا رہی ہے زندگی
ایک دن جانا ہے ہم نے چھوڑ کر سب کچھ حکیمؔ!
لمحہ لمحہ بات یہ بتلا رہی ہے زندگی

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

معراجؔ رضاوی

لے کر کوئی خنجر تو کوئی تیغ چلا ہے
یہ صورتِ حالات بہت ہوش رُبا ہے

آؤ چلیں اُس شہرِ نگاراں میں اے یارو !
سنتے ہیں وہاں امن و محبت کی فضا ہے

ہوتا نہیں کچھ فصلِ بہاراں کا اثر بھی
حیرت میں ہوں کیا میرے گلستاں کو ہوا ہے

قیدِ قفسِ غم میں بھی بھولے نہیں طائر
آزادیِ پرواز میں یارو! جو مزا ہے

روشن ہے ابھی تک وہ مرے خانۂ دل میں
اک دیپ جو یادوں کا ہواؤں سے بچا ہے

ہے تلخ بہت پھر بھی حقیقت ہے یہ معراجؔ
جامِ مئے الفت کا الگ ایک مزا ہے

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

آسی سلطانی

میں منزلِ وفا سے گزرتا چلا گیا
رستے کی ٹھوکروں سے سنورتا چلا گیا

جو بے نیازیوں میں ہمیشہ تھا بے مثال
اُس کی ادائے ناز پہ مرتا چلا گیا

اس کے خیال و خواب مرے کام آگئے
دن رات یعنی خود میں نکھرتا چلا گیا

ہر چند راہِ عشق میں کانٹے تھے ہر قدم
میں بوئے گل کی طرح گزرتا چلا گیا

دعویٰ تو مجھ سے عشق کا اس کو بھی تھا مگر
وعدوں پہ وعدہ کر کے مکرتا چلا گیا

منظر یہ دیکھ کر ہوا حیران وہ بہت
کوچے سے اس کے میں جو گزرتا چلا گیا

اس شخص کی زبان کو آسی میں کیا کہوں
اک تیر میرے دل میں اترتا چلا گیا

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/

aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

مہدی عباس

عیاں ہوتا ہے یوں سوزِ نہاں آہستہ آہستہ
اٹھا ہے پھر مرے دل سے دھواں آہستہ آہستہ

سفر میں عشق کے اے دوستو! کچھ دیر لگتی ہے
ملا کرتا ہے منزل کا نشاں آہستہ آہستہ

مرا ہر سانس لے جاتا ہے منزل کی طرف مجھکو
چلا جاتا ہوں سوئے لامکاں آہستہ آہستہ

خبر ہے گرم جو محفل میں آنے کی ترے ساقی
ہوا ہے پھر ہجومِ تشنگاں آہستہ آہستہ

لبِ ساحل پہ بھی رکتی نہیں لہریں محبت کی
جو لے انگڑائی بحرِ بیکراں آہستہ آہستہ

یہ میرا حوصلہ ہے جو مرے اوسان باقی ہیں
تھکے جاتے ہیں سب ایذا رساں آہستہ آہستہ

رقیبوں پر بھی مجھ سے مختلف گزری نہیں مہدی
بنے جاتے ہیں میرے ہم زباں آہستہ آہستہ

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

کامی شاہ

تم نے دل میں مرے سکونت کی
اور دل کی عجیب حالت کی
ٹوٹ کر دور تک بکھرتا گیا
میں نے جب ٹوٹ کر محبت کی
ہم نے خود کو ادھیڑ ڈالا ہے
ہم نے کب آپ سے شکایت کی
جب کبھی سامنے تم آؤ گی
اک نظر ڈال لیں گے حسرت کی
تم نے مجھ کو بھلا دیا ہو گا
جان یہ بات ہے سہولت کی
اپنے سائے جلا کے چھوڑ گئے
کچھ پرندوں نے یوں بغاوت کی
آندھیوں نے چراغ چاٹ لیے
اور پھر طاقچوں سے ہجرت کی

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

مقبول سہارن پوری

غمِ حیات کا عنواں ضرور بولے گا
فلک ہے سر پہ تو انساں ضرور بولے گا

جو چپ رہا ہے ہمیشہ سے دیدۂ تر میں
وہ اشک تو سرِ مژگاں ضرور بولے گا

ادب سے حشر میں بے شک جبیں خموش رہے
مگر وہ سنگِ درِ جاں ضرور بولے گا

کہا کسی سے نہ کچھ حالتِ جنوں میں کبھی
پر اب یہ چاکِ گریباں ضرور بولے گا

ملے گی کوئی رعایت ہمیں نہ گھر سے کبھی
ہمارے حق میں بیاباں ضرور بولے گا

چھپے گا برق سے کیسے چمن میں گھر اپنا
شجر پہ بلبلِ ناداں ضرور بولے گا

شبستاں اسکا ہے مقبول رشکِ باغِ ارم
زمیں پہ آنے کو رضواں ضرور بولے گا

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

شیر افگن جوہرؔ

دھوکا قدم قدم پہ نیا کھا رہے ہیں ہم
جمہوریت اِسی کو کہے جا رہے ہیں ہم
آسائشوں کو پانے کی ایسی لگی ہے دوڑ
خود کو نئے کھلونوں سے بہلا رہے ہیں ہم
اچھے برے کا فرق بہت دور کی ہے چیز
اب تو ہر اک برائی کو اپنا رہے ہیں ہم
مشرق میں کچھ نہیں ہے تو مغرب کی سمت بھاگ
بچوں میں ایسی سوچ کو پھیلا رہے ہیں ہم
دیواریں اُٹھ رہی ہیں ہر اک گام پر نئی
منزل کی سمت پھر بھی بڑھے جا رہے ہیں ہم
ڈالی امیرِ شہر نے زنجیر پھر نئی
دیکھو کہ پھر بھی رقص کیے جا رہے ہیں ہم
تنگ آ نہ جائیں لوگ کہیں، اب تو بس کریں
جوہرؔ یہ کیسی رو میں بہے جا رہے ہیں ہم

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

WWW.AIOURDUBOOKS.COM

ضروری التماس!

معزز خواتین وحضرات!

www.aiourdubooks.net کو پسند کرنے کے لئے آپ سب کا بہت بہت شکریہ! ہماری ویب سائیٹ کا مقصد علم وادب کی ترقی وترویج ہے۔ جیسا کہ آپ سب لوگ جانتے ہیں کہ کتابیں پڑھنے کا شوق دن بدن کم سے کم تر ہوتا جارہا ہے۔ اس امر کی کئی وجوہات ہیں لیکن سب سے بنیادی وجہ کتابوں کی بڑھتی ہوئی قیمتیں ہیں۔ ہمارا اولین مقصد عوام الناس کو اعلیٰ کتابیں اور وہ بھی مفت فراہم کرنا ہے۔ امید ہے آپ سب ہمارے اس عظیم مقصد کی تائید کرتے ہیں۔ ہم (www.aiourdubooks.net) آپ کو نیٹ کی وسیع دنیا سے ہر قسم کی کتابیں فراہم کرتے ہیں۔ ہم بلا معاوضہ آپ کی اور علم وادب کی یہ خدمت سرانجام دے رہے ہیں۔ اس کے جواب میں ہم آپ سے درج ذیل باتوں کی توقع کرتے ہیں۔

۱۔ برائے مہربانی www.aiourdubooks.net کا نام اچھی طرح زہن نشین کرلیں۔ تا کہ اگر کسی وجہ سے سائیٹ گوگل میں نہ بھی ملے تو با آسانی ہماری سائیٹ تک پہنچ سکیں۔

۲۔ اگر کوئی کتاب پسند آئے تو اسے Share ضرور کریں تا کہ اور دوست احباب بھی اس سے مستفید ہوسکیں۔

۳۔ اس کے علاوہ آپ ہماری سائیٹ چھوڑنے سے پہلے شکریہ ادا کرتے جائیں تو ہم اس کے لئے شکر گزار ہوں گے۔

منجانب:۔

انتظامیہ: www.aiourdubooks.net

aiourdubooks.net

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/

PlayStore "Rohaandroid"

سیف الرحمٰن سیفی

ہمارے دم سے ہے جو کچھ یہاں ہے
یہ دنیا ورنہ اک خالی مکاں ہے

نظر کہتی ہے میرے پاس ہو تم
مگر پردہ سا کیوں یہ درمیاں ہے

گہر لگتا ہے ذرہ جو زمیں پر
ترا ہی نقش پا وہ میری جاں ہے

گواہی کیوں کوئی دے گا ہماری
یہاں سچ بولنا کارِ زیاں ہے

صداقت کی حمایت کا نتیجہ
ہمیشہ سر ہے اور نوکِ سناں ہے

سمجھتے ہو جسے تم رازِ پنہاں
مرے ادراک پر وہ بھی عیاں ہے

میں سایا جس حقیقت کا ہوں سیفی
خدا جانے حقیقت وہ کہاں ہے

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

ندا علی

یہ تو یقیں ہے آپ سے نفرت نہیں مجھے
لیکن وہ آج پہلی سی چاہت نہیں مجھے

ہاں تھا کبھی یہ میرے لئے وجہ انبساط
اب کوئی نام باعثِ راحت نہیں مجھے

کچھ دیر کو ٹھہرتی ہوں ہر سنگِ میل پر
منزل رسی کی کوئی بھی عجلت نہیں مجھے

ان زخموں کی نمو کو ہے انکا چلن بہت
اب سنگ و خار کی بھی ضرورت نہیں مجھے

یہ تلخیِ کلام ہے سب آپ کی عطا
ورنہ یہ حرفِ تلخ وراثت نہیں مجھے

درس وفا نہ دو مجھے اب مرے دوستو
یکطرفہ عرضِ شوق کی عادت نہیں مجھے

ویران رہگزاروں سے کوئی ندا تو دے
یہ تو نہیں کہ زیست کی حاجت نہیں مجھے

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

WWW.AIOURDUBOOKS.COM

ضروری التماس!

معزز خواتین وحضرات!

www.aiourdubooks.net کو پسند کرنے کے لئے آپ سب کا بہت بہت شکریہ! ہماری ویب سائیٹ کا مقصد علم وادب کی ترقی وترویج ہے۔ جیسا کہ آپ سب لوگ جانتے ہیں کہ کتابیں پڑھنے کا شوق دن بدن کم سے کم تر ہوتا جارہا ہے۔ اس امر کی کئی وجوہات ہیں لیکن سب سے بنیادی وجہ کتابوں کی بڑھتی ہوئی قیمتیں ہیں۔ ہمارا اولین مقصد عوام الناس کو اعلیٰ کتابیں اور وہ بھی مفت فراہم کرنا ہے۔ امید ہے آپ سب ہمارے اس عظیم مقصد کی تائید کرتے ہیں۔ ہم (www.aiourdubooks.net) آپ کو نیٹ کی وسیع دنیا سے ہر قسم کی کتابیں فراہم کرتے ہیں۔ ہم بلا معاوضہ آپ کی اور علم وادب کی یہ خدمت سرانجام دے رہے ہیں۔ اس کے جواب میں ہم آپ سے درج ذیل باتوں کی توقع کرتے ہیں۔

۱۔ برائے مہربانی www.aiourdubooks.net کا نام اچھی طرح زہن نشین کرلیں۔ تا کہ اگر کسی وجہ سے سائیٹ گوگل میں نہ بھی ملے تو با آسانی ہماری سائیٹ تک پہنچ سکیں۔

۲۔ اگر کوئی کتاب پسند آئے تو اسے Share ضرور کریں تا کہ اور دوست احباب بھی اس سے مستفید ہوسکیں۔

۳۔ اس کے علاوہ آپ ہماری سائیٹ چھوڑنے سے پہلے شکریہ ادا کرتے جائیں تو ہم اس کے لئے شکر گزار ہوں گے۔

منجانب:۔

انتظامیہ: www.aiourdubooks.net

aiourdubooks.net

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/

PlayStore "Rohaandroid"

❖

پروین حیدر

یہ باز گشت ہے اُسکی تجھے پتہ ہی نہیں
وہ اک سوال جو میں نے ابھی کیا ہی نہیں

گلے لگا لئے ہنس کر تمام غم اُس کے
میرے دکھوں سے ابھی تک جو آشنا ہی نہیں

سناؤں کیا کسی رستے کی داستاں اُسکو
کہ دو قدم بھی مرے ساتھ وہ چلا ہی نہیں

خزاں کے رنگ اُتر آئے شاخِ لب پہ مری
گلاب تیرے لبوں کا کوئی کھلا ہی نہیں

ہوا بجھا گئی محرابِ دل کے سارے چراغ
بس اک نام فروزاں رہا بجھا ہی نہیں

میں دل سے گردِ تمنا کہاں تلک پونچھوں
وہ میرے چشمِ دریچوں میں جھانکتا ہی نہیں

اکیلا چھوڑ کے تنہائیوں کے جنگل میں
وہ کب کا جا چکا پروین کو پتا ہی نہیں

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

حمیرا راحتؔ

افق پر ایک آندھی سی اٹھی ہے
دیئے کی لو بہت سہمی ہوئی ہے
کسی کردار کے آنسو ہیں شاید
کہانی میز پر بھیگی پڑی ہے
شکستہ خواب، آنسو اور جدائی
محبت میں بڑی دردسری ہے
ابھی تک میں سمجھ نہ پائی جاناں
تمہارے بعد یہ کیسی کمی ہے
اندھیروں کے حوالے کر گیا جو
اسی کے دم سے مجھ میں روشنی ہے

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/

aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

خواجہ حیدر علی آتش

یہ آرزو تھی، تجھے گل کے رو برو کرتے
ہم اور بلبلِ بیتاب، گفتگو کرتے

پیام بر نہ میسر ہوا، تو خوب ہوا
زبانِ غیر سے کیا شرحِ آرزو کرتے

مری طرح سے مہ و مہر بھی ہیں آوارہ
کسی حبیب کی یہ بھی ہیں جستجو کرتے

جو دیکھتے تری زنجیرِ زلف کا عالم
اسیر ہونے کی آزاد آرزو کرتے

نہ پوچھ عالمِ برگشتہ طالعی آتش
برستی آگ، جو باراں کی آرزو کرتے

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

ابن انشا

دیکھ ہمارے ماتھے پر یہ دشت طلب کی دھول میاں
ہم سے عجب تر ا درد کا ناطہ، دیکھ ہمیں مت بھول میاں
اہل وفا سے بات نہ کرنا، ہوگا ترا اصول میاں
ہم کیوں چھوڑیں ان گلیوں کے پھیروں کا معمول میاں
یونہی تو نہیں دشت میں پہنچے، یونہی تو نہیں جوگ لیا
بستی بستی کانٹے دیکھے، جنگل جنگل پھول میاں
یہ تو کہو کبھی عشق کیا ہے؟ جگ میں ہوئے ہو رسوا بھی
اس کے سوا ہم کچھ بھی نہ پوچھیں، باقی بات فضول میاں
سن تو لیا کسی نار کی خاطر کاٹا کوہ، نکالی نہر
ایک ذرا سے قصے کو اب دیتے کیوں ہو طول میاں
کھیلنے دیں انہیں عشق کی بازی، کھیلیں گے تو سیکھیں گے
قیس کی یا فرہاد کی خاطر کھولیں کیا اسکول میاں
اب تو ہمیں منظور ہے یہ بھی، شہر سے نکلیں، رسوا ہوں
تجھ کو دیکھا، باتیں کرلیں، محنت ہوئی وصول میاں

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/

aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

احمد فراز

اب کے ہم بچھڑے تو شاید کبھی خوابوں میں ملیں
جس طرح سوکھے ہوئے پھول کتابوں میں ملیں
ڈھونڈ اجڑے ہوئے لوگوں میں وفا کے موتی
یہ خزانے تجھے ممکن ہے خرابوں میں ملیں
غمِ دنیا بھی غمِ یار میں شامل کرلو
نشہ بڑھتا ہے شرابیں جو شرابوں میں ملیں
تو خدا ہے نہ مرا عشق فرشتوں جیسا
دونوں انساں ہیں تو کیوں اتنے حجابوں میں ملیں
آج ہم دار پہ کھینچے گئے جن باتوں پر
کیا عجب کل وہ زمانے کو نصابوں میں ملیں
اب نہ وہ میں نہ وہ تو ہے نہ وہ ماضی ہے فراز
جیسے دو شخص تمنا کے سرابوں میں ملیں

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

اسلم انصاری

میں نے روکا بھی نہیں اور وہ ٹھہرا بھی نہیں
حادثہ کیا تھا جسے دل نے بھلایا بھی نہیں

جانے والوں کو کہاں روک سکا ہے کوئی
تم چلے ہو تو کوئی روکنے والا بھی نہیں

دور و نزدیک سے اٹھتا نہیں شورِ زنجیر
اور صحرا میں کوئی نقشِ کفِ پا بھی نہیں

گل بہر رنگ تبسم کا گنہ گار رہا
زخمِ ہستی کا سوا اس کے مداوا بھی نہیں

کون ساموڑ ہے، کیوں پاؤں پکڑتی ہے زمیں
اس کی بستی بھی نہیں، کوئی پکارا بھی نہیں

بے نیازی سے سبھی قریۂ جاں سے گزرے
دیکھتا کوئی نہیں ہے کہ تماشا بھی نہیں

وہ تو صدیوں کا سفر کرکے یہاں پہنچا تھا
تو نے منہ پھیر کے جس شخص کو دیکھا بھی نہیں

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

WWW.AIOURDUBOOKS.COM

ضروری التماس!

معزز خواتین وحضرات!

www.aiourdubooks.net کو پسند کرنے کے لئے آپ سب کا بہت بہت شکریہ! ہماری ویب سائیٹ کا مقصد علم وادب کی ترقی وترویج ہے۔ جیسا کہ آپ سب لوگ جانتے ہیں کہ کتابیں پڑھنے کا شوق دن بدن کم سے کم تر ہوتا جارہا ہے۔ اس امر کی کئی وجوہات ہیں لیکن سب سے بنیادی وجہ کتابوں کی بڑھتی ہوئی قیمتیں ہیں۔ ہمارا اولین مقصد عوام الناس کو اعلیٰ کتابیں اور وہ بھی مفت فراہم کرنا ہے۔ امید ہے آپ سب ہمارے اس عظیم مقصد کی تائید کرتے ہیں۔ ہم (www.aiourdubooks.net) آپ کو نیٹ کی وسیع دنیا سے ہر قسم کی کتابیں فراہم کرتے ہیں۔ ہم بلا معاوضہ آپ کی اور علم وادب کی یہ خدمت سرانجام دے رہے ہیں۔ اس کے جواب میں ہم آپ سے درج ذیل باتوں کی توقع کرتے ہیں۔

۱۔ برائے مہربانی www.aiourdubooks.net کا نام اچھی طرح زہن نشین کرلیں۔ تا کہ اگر کسی وجہ سے سائیٹ گوگل میں نہ بھی ملے تو با آسانی ہماری سائیٹ تک پہنچ سکیں۔

۲۔ اگر کوئی کتاب پسند آئے تو اسے Share ضرور کریں تا کہ اور دوست احباب بھی اس سے مستفید ہوسکیں۔

۳۔ اس کے علاوہ آپ ہماری سائیٹ چھوڑنے سے پہلے شکریہ ادا کرتے جائیں تو ہم اس کے لئے شکر گزار ہوں گے۔

منجانب:۔

انتظامیہ: www.aiourdubooks.net

aiourdubooks.net

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/

PlayStore "Rohaandroid"

❖

اطہر نفیس

وہ عشق جو ہم سے روٹھ گیا، اب اس کا حال بتائیں کیا
کوئی مہر نہیں، کوئی قہر نہیں، پھر سچا شعر سنائیں کیا
اک ہجر جو ہم کو لاحق ہے، تادیر اسے دہرائیں کیا
وہ زہر جو دل میں اتار لیا، اب اس کے ناز اٹھائیں کیا
پھر آنکھیں لہو سے خالی ہیں، یہ شمعیں بجھنے والی ہیں
ہم خود بھی کسی کے سوالی ہیں، اس بات پہ ہم شرمائیں کیا
اک آگ غمِ تنہائی کی جو سارے بدن میں پھیل گئی
جب جسم ہی سارا جلتا ہو، پھر دامنِ دل کو بچائیں کیا
ہم نغمہ سرا کچھ غزلوں کے، ہم صورت گر کچھ خوابوں کے
بے جذبۂ شوق سنائیں کیا، کوئی خواب نہ ہو تو بتائیں کیا

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

افتخار عارف

دیارِ نور میں تیرہ شبوں کا ساتھی ہو
کوئی تو ہو جو مری وحشتوں کا ساتھی ہو
میں اس سے جھوٹ بھی بولوں تو مجھ سے سچ بولے
مرے مزاج کے سب موسموں کا ساتھی ہو
میں اس کے ہاتھ نہ آؤں وہ میرا ہو کے رہے
میں گر پڑوں تو مری پستیوں کا ساتھی ہو
وہ میرے نام کی نسبت سے معتبر ٹھہرے
گلی گلی مری رسوائیوں کا ساتھی ہو
کرے کلام جو مجھ سے تو میرے لہجے میں
میں چپ رہوں تو میرے تیوروں کا ساتھی ہو
میں اپنے آپ کو دیکھوں وہ مجھ کو دیکھے جائے
وہ میرے نفس کی گمراہیوں کا ساتھی ہو
وہ خواب دیکھے تو دیکھے مرے حوالے سے
مرے خیال کے سب منظروں کا ساتھی ہو

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

امجد اسلام امجد

ملے کیسے صدیوں کی پیاس اور پانی ذرا پھر سے کہنا
بڑی دلربا ہے یہ ساری کہانی ذرا پھر سے کہنا

کہاں سے چلا تھا جدائی کا سایا نہیں دیکھ پایا
کہ رستے میں تھی آنسوؤں کی روانی ذرا پھر سے کہنا

ہوا یہ خبر تو سناتی رہے اور میں سنتا رہوں
بدلنے کو ہے اب یہ موسم خزانی ذرا پھر سے کہنا

مکر جانے والا کبھی زندگی میں خوشی پھر نہ پائے
یونہی ختم کرلیں چلو یہ کہانی ذرا پھر سے کہنا

سمے کے سمندر کہا تو نے جو بھی سنا پر نہ سمجھے
جوانی کی ندی میں تھا تیز پانی ذرا پھر سے کہنا

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

انور شعورؔ

اتفاق اپنی جگہ ،خوش قسمتی اپنی جگہ
خود بناتا ہے جہاں میں آدمی اپنی جگہ
کہہ تو سکتا ہوں مگر مجبور کرسکتا نہیں
اختیار اپنی جگہ ہے ،بے بسی اپنی جگہ
کچھ نہ کچھ سچائی ہوتی ہے نہاں ہر بات میں
کہنے والے ٹھیک کہتے ہیں سبھی اپنی جگہ
صرف اس کے ہونٹ کاغذ پر بنا دیتا ہوں میں
خود بنالیتی ہے ہونٹوں پر ہنسی اپنی جگہ
دوست کہتا ہوں تمہیں،شاعر نہیں کہتا شعورؔ
دوستی اپنی جگہ ہے ،شاعری اپنی جگہ

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

WWW.AIOURDUBOOKS.COM

ضروری التماس!

معزز خواتین وحضرات!

www.aiourdubooks.net کو پسند کرنے کے لئے آپ سب کا بہت بہت شکریہ! ہماری ویب سائیٹ کا مقصد علم وادب کی ترقی وترویج ہے۔ جیسا کہ آپ سب لوگ جانتے ہیں کہ کتابیں پڑھنے کا شوق دن بدن کم سے کم تر ہوتا جارہا ہے۔ اس امر کی کئی وجوہات ہیں لیکن سب سے بنیادی وجہ کتابوں کی بڑھتی ہوئی قیمتیں ہیں۔ ہمارا اولین مقصد عوام الناس کو اعلیٰ کتابیں اور وہ بھی مفت فراہم کرنا ہے۔ امید ہے آپ سب ہمارے اس عظیم مقصد کی تائید کرتے ہیں۔ ہم (www.aiourdubooks.net) آپ کو نیٹ کی وسیع دنیا سے ہر قسم کی کتابیں فراہم کرتے ہیں۔ ہم بلا معاوضہ آپ کی اور علم وادب کی یہ خدمت سرانجام دے رہے ہیں۔ اس کے جواب میں ہم آپ سے درج ذیل باتوں کی توقع کرتے ہیں۔

۱۔ برائے مہربانی www.aiourdubooks.net کا نام اچھی طرح زہن نشین کرلیں۔ تا کہ اگر کسی وجہ سے سائیٹ گوگل میں نہ بھی ملے تو با آسانی ہماری سائیٹ تک پہنچ سکیں۔

۲۔ اگر کوئی کتاب پسند آئے تو اسے Share ضرور کریں تا کہ اور دوست احباب بھی اس سے مستفید ہوسکیں۔

۳۔ اس کے علاوہ آپ ہماری سائیٹ چھوڑنے سے پہلے شکریہ ادا کرتے جائیں تو ہم اس کے لئے شکر گزار ہوں گے۔

منجانب:۔

انتظامیہ: www.aiourdubooks.net

aiourdubooks.net

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/

PlayStore "Rohaandroid"

❖

باقی احمد پوری

مجھ سے بچھڑ کے وہ بھی پریشان تھا بہت
جس کی نظر میں کام یہ آسان تھا بہت

سوچا تھا بے خلوص تھیں سب اس کی قربتیں
جس کے بغیر گھر مرا ویران تھا بہت

بے خواب سرخ آنکھوں نے سب کچھ بتادیا
کل رات دل میں درد کا طوفان تھا بہت

یہ کیا کیا کہ پیار کا اظہار کر دیا
میں اپنی اس شکست پہ حیران تھا بہت

وحشت میں کیوں کسی کے گریباں کو دیکھتا
میرے لیے تو اپنا گریبان تھا بہت

اب تو کوئی تمنا ہی باقی نہیں رہی
یہ شہرِ آرزو کبھی گنجان تھا بہت

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

بشیر احمد بشیر

حال ہمارا پوچھا ہم سے چلتے چلتے تو نے بھی
سیکھ لیے ہیں بیگانوں کے طور طریقے تو نے بھی

شکوہ شکایت کیا دنیا سے دنیا پیارے دنیا ہے
دکھ تو فقط اس بات کا ہے الزام تراشے تو نے بھی

اپنی زبان سے بھی کچھ باتیں نکلی ہوں گی جھوٹ نہیں
کچے ایک ہمیں نہیں نکلے بھید بتائے تو نے بھی

مجھ تک بھی سو باتیں پہنچیں مجھ کو بھی سو وہم ہوئے
سچ گردانے ہوں گے جھوٹے سچے قصے تو نے بھی

میں نے بھی یہ بات نہ سوچی کون پڑوس میں رہتا ہے
کچھ کچھ بے پروائی برتی پہلے پہلے تو نے بھی

چاہے اب تو برا منائے صاف کہیں گے ہم تو بشیرؔ
لکھ لکھ کر خط اپنی راہ میں کانٹے بوئے تو نے بھی

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

بشیر بدر

یونہی بے سبب نہ پھرا کرو، کوئی شام گھر میں رہا کرو
وہ غزل کی سچی کتاب ہے اسے چپکے چپکے پڑھا کرو
کوئی ہاتھ بھی نہ ملائے گا جو گلے ملو گے تپاک سے
یہ نئے مزاج کا شہر ہے ذرا فاصلے سے ملا کرو
ابھی راہ میں کئی موڑ ہیں کوئی آئے گا کوئی جائے گا
تمہیں جس نے دل سے بھلا دیا اسے بھولنے کی دعا کرو
مجھے اشتہار سی لگتی ہیں یہ محبتوں کی کہانیاں
جو کہا نہیں وہ سنا کرو، جو سنا نہیں وہ کہا کرو
کبھی حسن پردہ نشیں بھی ہو ذرا عاشقانہ لباس میں
جو میں بن سنور کے کہیں چلوں مرے ساتھ تم بھی چلا کرو
نہیں بے حجاب وہ چاند سا کہ نظر کا کوئی اثر نہ ہو
اسے اتنی گرمیِ شوق سے بڑی دیر تک نہ تکا کرو
یہ خزاں کی زردی شال میں جو اداس پیڑ کے پاس ہے
یہ تمہارے گھر کی بہار ہے اسے آنسوؤں سے ہرا کرو

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

بہادر شاہ ظفر

بات کرنی مجھے مشکل کبھی ایسا تو نہ تھی
جیسی اب ہے تری محفل کبھی ایسی تو نہ تھی

لے گیا چھین کے کون آج ترا صبر وقرار
بے قراری تجھے اے دل کبھی ایسی تو نہ تھی

اس کی آنکھوں نے خدا جانے کیا کیا جادو
کہ طبیعت مری مائل کبھی ایسی تو نہ تھی

عکس رخسار نے کس کے ہے تجھے چمکایا
تاب تجھ میں مہِ کامل کبھی ایسی تو نہ تھی

اب کی جو راہِ محبت میں اٹھائی تکلیف
سخت ہوتی ہمیں منزل کبھی ایسی تو نہ تھی

نگہِ یار کو اب کیوں ہے تغافل اے دل
وہ ترے حال سے غافل کبھی ایسی تو نہ تھی

کیا سبب تو جو بگڑتا ہے ظفر سے ہر بار
خوتری حور شمائل کبھی ایسی تو نہ تھی

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

WWW.AIOURDUBOOKS.COM

ضروری التماس!

معزز خواتین وحضرات!

www.aiourdubooks.net کو پسند کرنے کے لئے آپ سب کا بہت بہت شکریہ! ہماری ویب سائیٹ کا مقصد علم وادب کی ترقی وترویج ہے۔ جیسا کہ آپ سب لوگ جانتے ہیں کہ کتابیں پڑھنے کا شوق دن بدن کم سے کم تر ہوتا جارہا ہے۔ اس امر کی کئی وجوہات ہیں لیکن سب سے بنیادی وجہ کتابوں کی بڑھتی ہوئی قیمتیں ہیں۔ ہمارا اولین مقصد عوام الناس کو اعلیٰ کتابیں اور وہ بھی مفت فراہم کرنا ہے۔ امید ہے آپ سب ہمارے اس عظیم مقصد کی تائید کرتے ہیں۔ ہم (www.aiourdubooks.net) آپ کو نیٹ کی وسیع دنیا سے ہر قسم کی کتابیں فراہم کرتے ہیں۔ ہم بلا معاوضہ آپ کی اور علم وادب کی یہ خدمت سرانجام دے رہے ہیں۔ اس کے جواب میں ہم آپ سے درج ذیل باتوں کی توقع کرتے ہیں۔

۱۔ برائے مہربانی www.aiourdubooks.net کا نام اچھی طرح زہن نشین کرلیں۔ تا کہ اگر کسی وجہ سے سائیٹ گوگل میں نہ بھی ملے تو با آسانی ہماری سائیٹ تک پہنچ سکیں۔

۲۔ اگر کوئی کتاب پسند آئے تو اسے Share ضرور کریں تا کہ اور دوست احباب بھی اس سے مستفید ہوسکیں۔

۳۔ اس کے علاوہ آپ ہماری سائیٹ چھوڑنے سے پہلے شکریہ ادا کرتے جائیں تو ہم اس کے لئے شکر گزار ہوں گے۔

منجانب:۔

انتظامیہ: www.aiourdubooks.net

aiourdubooks.net

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/

PlayStore "Rohaandroid"

❖

بیدل حیدری

بھوک چہروں پہ لیے چاند سے پیارے بچے
بیچتے پھرتے ہیں گلیوں میں غبارے بچے

ان ہواؤں سے تو بارود کی بو آتی ہے
ان فضاؤں میں تو مرجائیں گے سارے بچے

بارش اتری تو میں سیلاب کی آغوش میں تھا
پانی اترا تو درختوں سے اتارے بچے

کیا بھروسہ ہے سمندر کا 'خدا خیر کرے
سیپیاں چننے گئے ہیں مرے سارے بچے

ہو گیا چرخِ ستم گر کا کلیجہ ٹھنڈا
مرگئے پیاس سے دریا کے کنارے بچے

یہ ضروری ہے انہیں کل کی ضمانت دی جائے
ورنہ سڑکوں پہ نکل آئیں گے سارے بچے

سارے مظلوموں سے ناطہ ہے ہمارا بیدلؔ
سارے مظلوموں کے بچے ہیں ہمارے بچے

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

پروین شاکر

کو بہ کو پھیل گئی بات شناسائی کی
اس نے خوشبو کی طرح میری پذیرائی کی
کیسے کہہ دوں کہ مجھے چھوڑ دیا ہے اس نے
بات تو سچ ہے مگر بات ہے رسوائی کی
وہ کہیں بھی گیا لوٹا تو میرے پاس آیا
بس یہی بات ہے اچھی مرے ہرجائی کی
تیرا پہلو ترے دل کی طرح آباد رہے
تجھ پہ گزرے نہ قیامت شب تنہائی کی
اس نے جلتی ہوئی پیشانی پہ جب ہاتھ رکھا
روح تک آ گئی تاثیر مسیحائی کی
اب بھی برسات کی راتوں میں بدن ٹوٹتا ہے
جاگ اٹھتی ہیں عجب خواہشیں انگڑائی کی

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

پیرزادہ قاسم

اب حرفِ تمنا کو سماعت نہ ملے گی
بیچو گے اگر خواب تو قیمت نہ ملے گی

تشہیر کے بازار میں اے تازہ خریدار
زیبائشیں مل جائیں گی قامت نہ ملے گی

لمحوں کے تعاقب میں گزر جائیں گی صدیاں
یوں وقت تو مل جائے گا مہلت نہ ملے گی

سوچا ہی نہ تھا یوں بھی اسے یاد رکھیں گے
جب اس کو بھلانے کی بھی فرصت نہ ملے گی

تا عمر وہی کارِ زیاں عشق رہا یاد
حالانکہ یہ معلوم تھا اجرت نہ ملے گی

تعبیر نظر آنے لگی خواب کی صورت
اب خواب ہی دیکھو گے بشارت نہ ملے گی

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

تاثیر

میری وفائیں یاد کرو گے
روؤ گے فریاد کرو گے
مجھ کو تو برباد کیا ہے
اور کسے برباد کرو گے
ہم بھی ہنسیں گے تم پر اک دن
تم بھی کبھی فریاد کرو گے
محفل کی محفل ہے غمگین
کس کس کا دل شاد کرو گے
ختم ہوئی دشنام طرازی
یا کچھ اور ارشاد کروگے
جا کر بھی ناشاد کیا تھا
آ کر بھی نا شاد کرو گے
چھوڑو بھی تاثیر کی باتیں
کب تک اس کو یاد کرو گے

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

WWW.AIOURDUBOOKS.COM

ضروری التماس!

معزز خواتین وحضرات!

www.aiourdubooks.net کو پسند کرنے کے لئے آپ سب کا بہت بہت شکریہ! ہماری ویب سائیٹ کا مقصد علم وادب کی ترقی وترویج ہے۔ جیسا کہ آپ سب لوگ جانتے ہیں کہ کتابیں پڑھنے کا شوق دن بدن کم سے کم تر ہوتا جارہا ہے۔ اس امر کی کئی وجوہات ہیں لیکن سب سے بنیادی وجہ کتابوں کی بڑھتی ہوئی قیمتیں ہیں۔ ہمارا اولین مقصد عوام الناس کو اعلیٰ کتابیں اور وہ بھی مفت فراہم کرنا ہے۔ امید ہے آپ سب ہمارے اس عظیم مقصد کی تائید کرتے ہیں۔ ہم (www.aiourdubooks.net) آپ کو نیٹ کی وسیع دنیا سے ہر قسم کی کتابیں فراہم کرتے ہیں۔ ہم بلا معاوضہ آپ کی اور علم وادب کی یہ خدمت سرانجام دے رہے ہیں۔ اس کے جواب میں ہم آپ سے درج ذیل باتوں کی توقع کرتے ہیں۔

۱۔ برائے مہربانی www.aiourdubooks.net کا نام اچھی طرح زہن نشین کرلیں۔ تا کہ اگر کسی وجہ سے سائیٹ گوگل میں نہ بھی ملے تو با آسانی ہماری سائیٹ تک پہنچ سکیں۔

۲۔ اگر کوئی کتاب پسند آئے تو اسے Share ضرور کریں تا کہ اور دوست احباب بھی اس سے مستفید ہوسکیں۔

۳۔ اس کے علاوہ آپ ہماری سائیٹ چھوڑنے سے پہلے شکریہ ادا کرتے جائیں تو ہم اس کے لئے شکر گزار ہوں گے۔

منجانب:۔

انتظامیہ: www.aiourdubooks.net

aiourdubooks.net

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/

PlayStore "Rohaandroid"

❖

تنویر سپرا

بیٹے کو سزا دے کے عجب حال ہوا ہے
دل پہروں مرا کرب کے دوزخ میں جلا ہے
عورت کو سمجھتا تھا جو مردوں کا کھلونا
اس شخص کو داماد بھی ویسا ہی ملا ہے
ہر اہلِ ہوس جیب میں بھر لایا ہے پتھر
ہمسائے کی بیری پہ ابھی بور پڑا ہے
اب تک مرے اعصاب پہ مخت ہے مسلط
اب تک مرے کانوں میں مشینوں کی صدا ہے
اے رات مجھے ماں کی طرح گود میں لے لے
دن بھر کی مشقت سے بدن ٹوٹ رہا ہے
شاید میں غلط دور میں اترا ہوں زمیں پر
ہر شخص تحیر سے مجھے دیکھ رہا ہے

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

ثمینہ راجہ

میں کیا بتاؤں ترے خواب کب سے دیکھتی ہوں
کہ جب سے ہوش سنبھالا ہے تب سے دیکھتی ہوں
کھڑی ہوں بارگہِ دل میں ایک مدت سے
اور اس کی جنبشِ ابرو ادب سے دیکھتی ہوں
اسی کے سحر میں رہتی ہے آنکھ صبح تلک
وہ ایک خواب جو آغازِ شب سے دیکھتی ہوں
نہیں وہ اتنا بھی برہم مگر اسے برہم
میں اپنی وحشتِ دل کے سبب سے دیکھتی ہوں
کسی کی شکل کسی کی نگاہ بدلی ہے
میں اپنے گرد ہیولے عجب سے دیکھتی ہوں
اس آئنے میں مرا عکس خوب لگتا ہے
میں خود کو جب ترے ذوقِ طلب سے دیکھتی ہوں
رکی ہوئی ہوں وہیں اور نئے سویرے کو
طلوع ہوتے ہوئے باغِ شب سے دیکھتی ہوں

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

جعفر طاہر

دونوں ہاتھو ں میں اٹھائے ہوئے بھاری پتھر
مارنے آئے ہیں عیسیٰ کو حواری پتھر

میں نے جو تیرے تصور میں تراشے تھے کبھی
لے گئے وہ بھی مرے گھر سے پجاری پتھر

آدمی آج کہیں جائے تو کیوں کر جائے
سر پہ صحرا تو زمیں ساری کی ساری پتھر

سب سے پہلے مرے بھائی نے ہی پھینکا مجھ پر
پہلا پتھر ہی مجھے ہو گیا کاری پتھر

رحم اے گردشِ دوراں ' یہ تماشا کیا ہے
پھول سے شانوں پہ کرتے ہیں سواری پتھر

دل ہے اس آہوئے درماندہ و بے کس کی طرح
مارتے ہیں جسے مل مل کے شکاری پتھر

ناز ہر بت کے اٹھا پائے نہ جعفر طاہر
چوم کر چھوڑ دیئے ہم نے یہ بھاری پتھر

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

جگر مرآدآبادی

دنیا کے ستم یاد نہ اپنی ہی وفا یاد
اب مجھ کو نہیں کچھ بھی محبت کے سوا یاد
چھیڑا تھا جسے پہلے پہل تیری نظر نے
اب تک ہے وہ اک نغمۂ بے ساز وصدا یاد
جب کوئی حسیں ہوتا ہے سرگرم نوازش
اس وقت وہ کچھ اور بھی آتے ہیں سوایاد
کیا جانئے کیا ہوگیا اربابِ جنوں کو
مرنے کی ادا یاد نہ جینے کی ادا یاد
مدت ہوئی اک حادثۂ عشق کو لیکن
اب تک ہے ترے دل کے دھڑکنے کی صدا یاد
کیا لطف کہ میں اپنا پتہ آپ بتاؤں
کیجئے کوئی بھولی ہوئی خاص اپنی ادا یاد

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

WWW.AIOURDUBOOKS.COM

ضروری التماس!

معزز خواتین وحضرات!

www.aiourdubooks.net کو پسند کرنے کے لئے آپ سب کا بہت بہت شکریہ! ہماری ویب سائیٹ کا مقصد علم وادب کی ترقی وترویج ہے۔ جیسا کہ آپ سب لوگ جانتے ہیں کہ کتابیں پڑھنے کا شوق دن بدن کم سے کم تر ہوتا جارہا ہے۔ اس امر کی کئی وجوہات ہیں لیکن سب سے بنیادی وجہ کتابوں کی بڑھتی ہوئی قیمتیں ہیں۔ ہمارا اولین مقصد عوام الناس کو اعلیٰ کتابیں اور وہ بھی مفت فراہم کرنا ہے۔ امید ہے آپ سب ہمارے اس عظیم مقصد کی تائید کرتے ہیں۔ ہم (www.aiourdubooks.net) آپ کو نیٹ کی وسیع دنیا سے ہر قسم کی کتابیں فراہم کرتے ہیں۔ ہم بلا معاوضہ آپ کی اور علم وادب کی یہ خدمت سرانجام دے رہے ہیں۔ اس کے جواب میں ہم آپ سے درج ذیل باتوں کی توقع کرتے ہیں۔

۱۔ برائے مہربانی www.aiourdubooks.net کا نام اچھی طرح زہن نشین کرلیں۔ تا کہ اگر کسی وجہ سے سائیٹ گوگل میں نہ بھی ملے تو با آسانی ہماری سائیٹ تک پہنچ سکیں۔

۲۔ اگر کوئی کتاب پسند آئے تو اسے Share ضرور کریں تا کہ اور دوست احباب بھی اس سے مستفید ہوسکیں۔

۳۔ اس کے علاوہ آپ ہماری سائیٹ چھوڑنے سے پہلے شکریہ ادا کرتے جائیں تو ہم اس کے لئے شکر گزار ہوں گے۔

منجانب:۔

انتظامیہ: www.aiourdubooks.net

aiourdubooks.net

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/

PlayStore "Rohaandroid"

❖

جمالؔ احسانی

یہ شہر اپنے حریفوں سے ہارا تھوڑی ہے
یہ بات سب پہ مگر آشکارا تھوڑی ہے
ترا فراق تو رزقِ حلال ہے مجھ کو
یہ پھل پرائے شجر سے اتارا تھوڑی ہے
جو عشق کرتا ہے، چلتی ہوا سے لڑتا ہے
یہ جھگڑا صرف ہمارا تمہارا تھوڑی ہے
درِ نگاہ پہ اس کے جو ہم نے عمر گنوائی
یہ فائدہ ہے مری جاں خسارہ تھوڑی ہے
یہ لوگ تجھ سے ہمیں دور کر رہے ہیں مگر
ترے بغیر ہمارا گزارا تھوڑی ہے
جمالؔ آج تو جانے کی مت کرو جلدی
کہ پھر نصیب یہ صحبت دوبارہ تھوڑی ہے

aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

جون ایلیا

عمر گزرے گی امتحان میں کیا
داغ ہی دیں گے مجھ کو دان میں کیا
میری ہر بات بے اثر ہی رہی
نقص ہے کچھ مرے بیان میں کیا
مجھ کو تو کوئی ٹوکتا بھی نہیں
یہی ہوتا ہے خاندان میں کیا
خود کو دنیا سے مختلف جانا
آ گیا تھا مرے گمان میں کیا
وہ ملے تو یہ پوچھنا ہے مجھے
اب بھی ہوں میں تری امان میں کیا
ہے نسیم بہار گرد آلود
خاک اڑتی ہے اس مکان میں کیا
یہ مجھے چین کیوں نہیں پڑتا
ایک ہی شخص تھا جہان میں کیا

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

WWW.AIOURDUBOOKS.COM

ضروری التماس!

معزز خواتین وحضرات!

www.aiourdubooks.net کو پسند کرنے کے لئے آپ سب کا بہت بہت شکریہ! ہماری ویب سائیٹ کا مقصد علم وادب کی ترقی وترویج ہے۔ جیسا کہ آپ سب لوگ جانتے ہیں کہ کتابیں پڑھنے کا شوق دن بدن کم سے کم تر ہوتا جارہا ہے۔ اس امر کی کئی وجوہات ہیں لیکن سب سے بنیادی وجہ کتابوں کی بڑھتی ہوئی قیمتیں ہیں۔ ہمارا اولین مقصد عوام الناس کو اعلیٰ کتابیں اور وہ بھی مفت فراہم کرنا ہے۔ امید ہے آپ سب ہمارے اس عظیم مقصد کی تائید کرتے ہیں۔ ہم (www.aiourdubooks.net) آپ کو نیٹ کی وسیع دنیا سے ہر قسم کی کتابیں فراہم کرتے ہیں۔ ہم بلا معاوضہ آپ کی اور علم وادب کی یہ خدمت سرانجام دے رہے ہیں۔ اس کے جواب میں ہم آپ سے درج ذیل باتوں کی توقع کرتے ہیں۔

۱۔ برائے مہربانی www.aiourdubooks.net کا نام اچھی طرح زہن نشین کرلیں۔ تا کہ اگر کسی وجہ سے سائیٹ گوگل میں نہ بھی ملے تو با آسانی ہماری سائیٹ تک پہنچ سکیں۔

۲۔ اگر کوئی کتاب پسند آئے تو اسے Share ضرور کریں تا کہ اور دوست احباب بھی اس سے مستفید ہوسکیں۔

۳۔ اس کے علاوہ آپ ہماری سائیٹ چھوڑنے سے پہلے شکریہ ادا کرتے جائیں تو ہم اس کے لئے شکر گزار ہوں گے۔

منجانب:۔

انتظامیہ: www.aiourdubooks.net

aiourdubooks.net

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/

PlayStore "Rohaandroid"

❖

خواجہ الطاف حسین حالی

ہے جستجو کہ خوب سے ہے خوب تر کہاں
اب ٹھہرتی ہے دیکھیے جاکر نظر کہاں

یارب اس اختلاط کا انجام ہو بخیر
تھا اس کو ہم سے ربط مگر اس قدر کہاں

اک عمر چاہئے کہ گوارا ہو نیشِ عشق
رکھی ہے آج لذتِ زخمِ جگر کہاں

کون ومکاں سے ہے دلِ وحشی کنارہ گیر
اس خانماں خراب نے ڈھونڈا ہے گھر کہاں

ہم جس پہ مررہے ہیں وہ ہے بات ہی کچھ اور
عالم میں تجھ سے لاکھ سہی تو مگر کہاں

ہوتی نہیں قبول دعا ترکِ عشق کی
دل چاہتا نہ ہو تو زباں میں اثر کہاں

حالی نشاطِ غم وے ڈھونڈھتے ہواب
آئے ہو وقت صبح رہے رات بھر کہاں

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

حبیب جالبؔ

دل کی بات لبوں پر لاکر اب تک ہم دکھ سہتے ہیں
ہم نے سنا تھا اس بستی میں دل والے بھی رہتے ہیں
بیت گیا ساون کا مہینہ موسم نے نظریں بدلیں
لیکن ان پیاسی آنکھوں سے اب تک آنسو بہتے ہیں
ایک ہمیں آوارہ کہنا کوئی بڑا الزام نہیں
دنیا والے دل والوں کو اور بہت کچھ کہتے ہیں
جن کی خاطر شہر بھی چھوڑا جن کے لیے بدنام ہوئے
آج وہی ہم سے بیگانے بیگانے سے رہتے ہیں
وہ جو ابھی اس راہ گزر سے چاک گریباں گزرا تھا
اس آوارہ دیوانے کو جالبؔ جالبؔ کہتے ہیں

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

حسرت موہانی

بھلاتا لاکھ ہوں، لیکن برابر یاد آتے ہیں
الٰہی، ترکِ الفت پر وہ کیوں کر یاد آتے ہیں

نہ چھیڑ اے ہم نشیں، کیفیتِ صہبا کے افسانے
شرابِ بے خودی کے مجھ کو ساغر یاد آتے ہیں

رہا کرتے ہیں قیدِ ہوش میں اے وائے ناکامی
وہ دشتِ خود فراموشی کے چکر یاد آتے ہیں

نہیں آتی تو یاد ان کی مہینوں تک نہیں آتی
مگر جب یاد آتے ہیں تو اکثر یاد آتے ہیں

حقیقت کھل گئی حسرت ترے ترکِ محبت کی
تجھے تو اب وہ پہلے سے بھی بڑھ کر یاد آتے ہیں

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

فاطمہ حسن

کہنے کو اس سے عشق کی تفسیر ہے بہت
پڑھ لے تو صرف آنکھ کی تحریر ہے بہت

تحلیل کر کے شدتِ احساس رنگ میں
بن جائے گر تو ایک ہی تصویر ہے بہت

دستک سے در کا فاصلہ ہے اعتماد کا
پر لوٹ جانے کو یہی تاخیر ہے بہت

بیٹھا رہا وہ پاس تو میں سوچتی رہی
خاموشیوں کی اپنی بھی تاثیر ہے بہت

تعمیر کر رہا ہے محبت کا وہ حصار
میرے لیے خلوص کی زنجیر ہے بہت

میں اس سے اپنی بات کہوں شعر لکھ سکوں
الفاظ دے وہ جن میں کہ تاثیر ہے بہت

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

WWW.AIOURDUBOOKS.COM

ضروری التماس!

معزز خواتین وحضرات!

www.aiourdubooks.net کو پسند کرنے کے لئے آپ سب کا بہت بہت شکریہ! ہماری ویب سائیٹ کا مقصد علم وادب کی ترقی وترویج ہے۔ جیسا کہ آپ سب لوگ جانتے ہیں کہ کتابیں پڑھنے کا شوق دن بدن کم سے کم تر ہوتا جارہا ہے۔ اس امر کی کئی وجوہات ہیں لیکن سب سے بنیادی وجہ کتابوں کی بڑھتی ہوئی قیمتیں ہیں۔ ہمارا اولین مقصد عوام الناس کو اعلیٰ کتابیں اور وہ بھی مفت فراہم کرنا ہے۔ امید ہے آپ سب ہمارے اس عظیم مقصد کی تائید کرتے ہیں۔ ہم (www.aiourdubooks.net) آپ کو نیٹ کی وسیع دنیا سے ہر قسم کی کتابیں فراہم کرتے ہیں۔ ہم بلا معاوضہ آپ کی اور علم وادب کی یہ خدمت سرانجام دے رہے ہیں۔ اس کے جواب میں ہم آپ سے درج ذیل باتوں کی توقع کرتے ہیں۔

۱۔ برائے مہربانی www.aiourdubooks.net کا نام اچھی طرح زہن نشین کرلیں۔ تا کہ اگر کسی وجہ سے سائیٹ گوگل میں نہ بھی ملے تو با آسانی ہماری سائیٹ تک پہنچ سکیں۔

۲۔ اگر کوئی کتاب پسند آئے تو اسے Share ضرور کریں تا کہ اور دوست احباب بھی اس سے مستفید ہوسکیں۔

۳۔ اس کے علاوہ آپ ہماری سائیٹ چھوڑنے سے پہلے شکریہ ادا کرتے جائیں تو ہم اس کے لئے شکر گزار ہوں گے۔

منجانب:۔

انتظامیہ: www.aiourdubooks.net

aiourdubooks.net

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/

PlayStore "Rohaandroid"

فانی بدایونی

جی ڈھونڈتا ہے گھر کوئی دونوں جہاں سے دور
اس آپ کی زمیں سے الگ آسماں سے دور

شاید میں درخورِ نگہِ گرم بھی نہیں !
بجلی تڑپ رہی ہے مرے آشیاں سے دور

وہ پوچھتے ہیں اور کوئی دیتا نہیں جواب
کس کی وفا ہے دسترسِ امتحاں سے دور

آنکھیں چرا کے آپ نے افسانہ کردیا
جو حال تھا زباں سے قریب او ربیاں سے دور

ہے منع راہِ عشق میں دیر وحرم کا ہوش
یعنی کہاں سے پاس ہے 'منزل' کہاں سے دور

تاعرض شوق میں نہ رہے بندگی کی لاگ
اک سجدہ چاہتا ہوں ترے آستاں سے دور

فانی دکن میں آکے یہ عقدہ کھلا کہ ہم
ہندوستاں میں رہتے ہیں 'ہندوستاں' سے دور

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

فراق گورکھپوری

شامِ غم کچھ اس نگاہِ ناز کی باتیں کرو
بے خودی بڑھتی چلی ہے راز کی باتیں کرو

یہ سکوت ناز، یہ دل کی رگوں کا ٹوٹنا
خامشی میں کچھ شکست ساز کی باتیں کرو

نکہتِ زلف پریشاں، داستانِ شامِ غم
صبح ہونے تک اسی انداز کی باتیں کرو

ہر رگِ دل وجد میں آتی رہے دکھتی رہے
یونہی اس کے جادو بے جاناز کی باتیں کرو

جو عدم کی جان ہے جو ہے پیامِ زندگی
اس سکوت راز اس آواز کی باتیں کرو

عشق رسوا ہو چلا بے کیف سا بیزار سا
آج اس کی نرگسِ غماز کی باتیں کرو

جس کی فرقت نے پلٹ دی عشق کی کایا فراقؔ
آج اس عیسیٰ نفس دم ساز کی باتیں کرو

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

WWW.AIOURDUBOOKS.COM

ضروری التماس!

معزز خواتین وحضرات!

www.aiourdubooks.net کو پسند کرنے کے لئے آپ سب کا بہت بہت شکریہ! ہماری ویب سائیٹ کا مقصد علم وادب کی ترقی وترویج ہے۔ جیسا کہ آپ سب لوگ جانتے ہیں کہ کتابیں پڑھنے کا شوق دن بدن کم سے کم تر ہوتا جارہا ہے۔ اس امر کی کئی وجوہات ہیں لیکن سب سے بنیادی وجہ کتابوں کی بڑھتی ہوئی قیمتیں ہیں۔ ہمارا اولین مقصد عوام الناس کو اعلیٰ کتابیں اور وہ بھی مفت فراہم کرنا ہے۔ امید ہے آپ سب ہمارے اس عظیم مقصد کی تائید کرتے ہیں۔ ہم (www.aiourdubooks.net) آپ کو نیٹ کی وسیع دنیا سے ہر قسم کی کتابیں فراہم کرتے ہیں۔ ہم بلا معاوضہ آپ کی اور علم وادب کی یہ خدمت سرانجام دے رہے ہیں۔ اس کے جواب میں ہم آپ سے درج ذیل باتوں کی توقع کرتے ہیں۔

۱۔ برائے مہربانی www.aiourdubooks.net کا نام اچھی طرح زہن نشین کرلیں۔ تا کہ اگر کسی وجہ سے سائیٹ گوگل میں نہ بھی ملے تو با آسانی ہماری سائیٹ تک پہنچ سکیں۔

۲۔ اگر کوئی کتاب پسند آئے تو اسے Share ضرور کریں تا کہ اور دوست احباب بھی اس سے مستفید ہوسکیں۔

۳۔ اس کے علاوہ آپ ہماری سائیٹ چھوڑنے سے پہلے شکریہ ادا کرتے جائیں تو ہم اس کے لئے شکر گزار ہوں گے۔

منجانب:۔

انتظامیہ: www.aiourdubooks.net

aiourdubooks.net

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/

PlayStore "Rohaandroid"

❖

فیض احمد فیض

دونوں جہان تیری محبت میں ہار کے
وہ جارہا ہے کوئی شبِ غم گزار کے

ویراں ہے میکدہ، خم و ساغر اداس ہیں
تم کیا گئے کہ روٹھ گئے دن بہار کے

اک فرصتِ گناہ ملی وہ بھی چار دن
دیکھے ہیں ہم نے حوصلے پروردگار کے

دنیا نے تیری یاد سے بیگانہ کر دیا
تجھ سے بھی دلفریب ہیں غم روزگار کے

بھولے سے مسکرا تو دیے تھے وہ آج فیض
مت پوچھ ولولے دلِ ناکردہ کار کے

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

قابل اجمیری

برہم ہے کائنات مگر جی رہے ہیں ہم
مشکل سہی حیات مگر جی رہے ہیں ہم

شمعیں بجھی بجھی سی ستارے اداس اداس
دم توڑتی ہے رات مگر جی رہے ہیں ہم

جیسے اجل بھی روٹھ گئی ہے ترے بغیر
ٹھکرا گئی حیات مگر جی رہے ہیں ہم

ہمسائیگی کا جل ورخسار چھن گئی
دن اپنا ہے نہ رات مگر جی رہے ہیں ہم

آ ہی گیا جہانِ حوادث بھی سازگار
ہر شے ہے بے ثبات مگر جی رہے ہیں ہم

کتنا جواں ہے شوق مگر صبح دور ہے
کتنی گراں ہے رات مگر جی رہے ہیں ہم

قابل کشاکشِ سحر وشام کی قسم
مرنے میں ہے نجات مگر جی رہے ہیں ہم

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

WWW.AIOURDUBOOKS.COM

ضروری التماس!

معزز خواتین وحضرات!

www.aiourdubooks.net کو پسند کرنے کے لئے آپ سب کا بہت بہت شکریہ! ہماری ویب سائیٹ کا مقصد علم وادب کی ترقی وترویج ہے۔ جیسا کہ آپ سب لوگ جانتے ہیں کہ کتابیں پڑھنے کا شوق دن بدن کم سے کم تر ہوتا جارہا ہے۔ اس امر کی کئی وجوہات ہیں لیکن سب سے بنیادی وجہ کتابوں کی بڑھتی ہوئی قیمتیں ہیں۔ ہمارا اولین مقصد عوام الناس کو اعلیٰ کتابیں اور وہ بھی مفت فراہم کرنا ہے۔ امید ہے آپ سب ہمارے اس عظیم مقصد کی تائید کرتے ہیں۔ ہم (www.aiourdubooks.net) آپ کو نیٹ کی وسیع دنیا سے ہر قسم کی کتابیں فراہم کرتے ہیں۔ ہم بلا معاوضہ آپ کی اور علم وادب کی یہ خدمت سرانجام دے رہے ہیں۔ اس کے جواب میں ہم آپ سے درج ذیل باتوں کی توقع کرتے ہیں۔

۱۔ برائے مہربانی www.aiourdubooks.net کا نام اچھی طرح زہن نشین کرلیں۔ تا کہ اگر کسی وجہ سے سائیٹ گوگل میں نہ بھی ملے تو با آسانی ہماری سائیٹ تک پہنچ سکیں۔

۲۔ اگر کوئی کتاب پسند آئے تو اسے Share ضرور کریں تا کہ اور دوست احباب بھی اس سے مستفید ہوسکیں۔

۳۔ اس کے علاوہ آپ ہماری سائیٹ چھوڑنے سے پہلے شکریہ ادا کرتے جائیں تو ہم اس کے لئے شکر گزار ہوں گے۔

منجانب:۔

انتظامیہ: www.aiourdubooks.net

aiourdubooks.net

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/

PlayStore "Rohaandroid"

❖

قتیل شفائی

حالات کے قدموں پہ قلندر نہیں گرتا
ٹوٹے بھی جو تارا تو زمیں پر نہیں گرتا

گرتے ہیں سمندر میں بڑے شوق سے دریا
لیکن کسی دریا میں سمندر نہیں گرتا

مشکوک نظر سے مجھے تکتی ہے یہ دھرتی
کیوں عرشِ معلیٰ مرے سر پہ نہیں گرتا

انعام کے لالچ میں لکھے مدح کسی کی
اتنا تو کبھی کوئی سخنور نہیں گرتا

اس بندۂ خوددار پہ نبیوں کا ہے سایا
جو بھوک میں بھی لقمۂ تر پر نہیں گرتا

کرنا ہے جو سر معرکۂ زیست تو سن لے
بے بازوئے حیدر ، درِ خیبر نہیں گرتا

قائم ہے قتیلؔ اب یہ مرے سر کے ستوں پر
بھونچال بھی آئے تو مرا گھر نہیں گرتا

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

محسن نقوی

شکستہ آئینوں کی کرچیاں اچھی نہیں لگتیں
مجھے وعدوں کی خالی سیپیاں اچھی نہیں لگتیں

گزشتہ رت کے رنگوں کا اثر دیکھو کہ اب مجھ کو
کھلے آنگن میں اڑتی تتلیاں اچھی نہیں لگتیں

وہ کیا اجڑا نگر تھا جس کی چاہت کے سبب اب تک
ہری بیلوں سے الجھی ٹہنیاں اچھی نہیں لگتیں

دبے پاؤں ہوا جن کے چراغوں سے بہلتی ہو!
مجھے ایسے گھروں کی کھڑکیاں اچھی نہیں لگتیں

بھلے لگتے ہیں طوفان سے لڑتے بادباں مجھ کو
ہوا کے رخ پہ چلتی کشتیاں اچھی نہیں لگتیں

یہ کہہ کر آج اس سے بھی تعلق توڑ آیا ہوں!
مری جاں، مجھ کو ضدی لڑکیاں اچھی نہیں لگتیں

کسی گھر میں رسن بستہ رہیں جورات دن محسن
مجھے اکثر وہ سبھی ہرنیاں اچھی نہیں لگتیں

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

WWW.AIOURDUBOOKS.COM

ضروری التماس!

معزز خواتین وحضرات!

www.aiourdubooks.net کو پسند کرنے کے لئے آپ سب کا بہت بہت شکریہ! ہماری ویب سائیٹ کا مقصد علم وادب کی ترقی وترویج ہے۔ جیسا کہ آپ سب لوگ جانتے ہیں کہ کتابیں پڑھنے کا شوق دن بدن کم سے کم تر ہوتا جارہا ہے۔ اس امر کی کئی وجوہات ہیں لیکن سب سے بنیادی وجہ کتابوں کی بڑھتی ہوئی قیمتیں ہیں۔ ہمارا اولین مقصد عوام الناس کو اعلیٰ کتابیں اور وہ بھی مفت فراہم کرنا ہے۔ امید ہے آپ سب ہمارے اس عظیم مقصد کی تائید کرتے ہیں۔ ہم (www.aiourdubooks.net) آپ کو نیٹ کی وسیع دنیا سے ہر قسم کی کتابیں فراہم کرتے ہیں۔ ہم بلا معاوضہ آپ کی اور علم وادب کی یہ خدمت سرانجام دے رہے ہیں۔ اس کے جواب میں ہم آپ سے درج ذیل باتوں کی توقع کرتے ہیں۔

۱۔ برائے مہربانی www.aiourdubooks.net کا نام اچھی طرح زہن نشین کرلیں۔ تا کہ اگر کسی وجہ سے سائیٹ گوگل میں نہ بھی ملے تو با آسانی ہماری سائیٹ تک پہنچ سکیں۔

۲۔ اگر کوئی کتاب پسند آئے تو اسے Share ضرور کریں تا کہ اور دوست احباب بھی اس سے مستفید ہوسکیں۔

۳۔ اس کے علاوہ آپ ہماری سائیٹ چھوڑنے سے پہلے شکریہ ادا کرتے جائیں تو ہم اس کے لئے شکر گزار ہوں گے۔

منجانب:۔

انتظامیہ: www.aiourdubooks.net

aiourdubooks.net

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/

PlayStore "Rohaandroid"

❖

مرتضیٰ برلاس

آنکھ بری ہے ترے نام پہ ساون کی طرح
جسم سلگا ہے تری یاد میں ایندھن کی طرح

لوریاں دی ہیں کسی قرب کی خواہش نے مجھے
کچھ جوانی کے بھی دن گزرے ہیں بچپن کی طرح

اس بلندی سے مجھے تو نے نوازا کیوں تھا
گر کے میں ٹوٹ گیا کانچ کے برتن کی طرح

مجھ سے ملتے ہوئے یہ بات تو سوچی ہوتی
میں ترے دل میں سما جاؤں گا دھڑکن کی طرح

منتظر ہے کسی مخصوص سی آہٹ کے لیے
زندگی بیٹھی ہے دہلیز پہ برہن کی طرح

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

مصطفیٰ زیدی

چلے تو کٹ ہی جائے گا سفر آہستہ آہستہ
ہم اس کے پاس جاتے ہیں، مگر آہستہ آہستہ
ابھی تاروں سے کھیلو چاند کی کرنوں سے اٹھلاؤ
ملے گی اس کے چہرے کی سحر آہستہ آہستہ
دریچوں کو تو دیکھو، چلمنوں کے راز تو سمجھو
اٹھیں گے پردہ ہائے بام و در آہستہ آہستہ
زمانے بھر کی کیفیت سمٹ آئے گی ساغر میں
پیو ان انکھڑیوں کے نام پر آہستہ آہستہ
یونہی اک روز اپنا قصۂ غم بھی سنا دینا
خطاب آہستہ آہستہ، نظر آہستہ آہستہ

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

WWW.AIOURDUBOOKS.COM

ضروری التماس!

معزز خواتین وحضرات!

www.aiourdubooks.net کو پسند کرنے کے لئے آپ سب کا بہت بہت شکریہ! ہماری ویب سائیٹ کا مقصد علم وادب کی ترقی وترویج ہے۔ جیسا کہ آپ سب لوگ جانتے ہیں کہ کتابیں پڑھنے کا شوق دن بدن کم سے کم تر ہوتا جارہا ہے۔ اس امر کی کئی وجوہات ہیں لیکن سب سے بنیادی وجہ کتابوں کی بڑھتی ہوئی قیمتیں ہیں۔ ہمارا اولین مقصد عوام الناس کو اعلیٰ کتابیں اور وہ بھی مفت فراہم کرنا ہے۔ امید ہے آپ سب ہمارے اس عظیم مقصد کی تائید کرتے ہیں۔ ہم (www.aiourdubooks.net) آپ کو نیٹ کی وسیع دنیا سے ہر قسم کی کتابیں فراہم کرتے ہیں۔ ہم بلا معاوضہ آپ کی اور علم وادب کی یہ خدمت سرانجام دے رہے ہیں۔ اس کے جواب میں ہم آپ سے درج ذیل باتوں کی توقع کرتے ہیں۔

۱۔ برائے مہربانی www.aiourdubooks.net کا نام اچھی طرح زہن نشین کرلیں۔ تا کہ اگر کسی وجہ سے سائیٹ گوگل میں نہ بھی ملے تو با آسانی ہماری سائیٹ تک پہنچ سکیں۔

۲۔ اگر کوئی کتاب پسند آئے تو اسے Share ضرور کریں تا کہ اور دوست احباب بھی اس سے مستفید ہوسکیں۔

۳۔ اس کے علاوہ آپ ہماری سائیٹ چھوڑنے سے پہلے شکریہ ادا کرتے جائیں تو ہم اس کے لئے شکر گزار ہوں گے۔

منجانب:۔

انتظامیہ: www.aiourdubooks.net

aiourdubooks.net

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/

PlayStore "Rohaandroid"

منیر سیفی

واز دے کے خود کو بلانا پڑا مجھے
اپنی مدد کو آپ ہی آنا پڑا مجھے

مجھ سے تمہارے عکس کو کرتا تھا بدگماں
آئینہ درمیاں سے ہٹانا پڑا مجھے

پھر اس کے بعد جرأتِ گریہ نہیں ہوئی
اک اشک خاک سے جو اٹھانا پڑا مجھے

پھر یوں ہوا کہ جھوٹ کی عادت سی ہوگئی
پھر یوں ہوا کہ سچ کو چھپانا پڑا مجھے

پانی قبول ہی نہیں کرتا تھا میری لاش
دریا کو اپنا نام بتانا پڑا مجھے

مہمان آ گیا تھا' سو کھانے کی میز پر
جلتا ہوا چراغ بجھانا پڑا مجھے

دھرتی کے ظرف کا ہوا اندازہ جب منیرؔ
کچھ روز اپنا بوجھ اٹھانا پڑا مجھے

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

منیر سیفی

آنکھ سمندر، آنسو دریا بن سکتا ہے
جیسا چاہو گھر کا نقشہ بن سکتا ہے
تم کو دیکھنے سے پہلے کب یہ سوچا تھا
اک چہرہ بھی پوری دنیا بن سکتا ہے
اس کی خوشبو جذب اگر شعروں میں کرلوں
میرا نام بھی ایک حوالہ بن سکتا ہے
شہر بدر ہوجانے سے کیوں گھبراتے ہو
ہم دونوں سے ایک قبیلہ بن سکتا ہے
سب آثار، سبھی اطوار وہیں جیسے ہیں
خیر سے میرا شہر بھی کوفہ بن سکتا ہے

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

WWW.AIOURDUBOOKS.COM

ضروری التماس!

معزز خواتین وحضرات!

www.aiourdubooks.net کو پسند کرنے کے لئے آپ سب کا بہت بہت شکریہ! ہماری ویب سائیٹ کا مقصد علم وادب کی ترقی وترویج ہے۔ جیسا کہ آپ سب لوگ جانتے ہیں کہ کتابیں پڑھنے کا شوق دن بدن کم سے کم تر ہوتا جارہا ہے۔ اس امر کی کئی وجوہات ہیں لیکن سب سے بنیادی وجہ کتابوں کی بڑھتی ہوئی قیمتیں ہیں۔ ہمارا اولین مقصد عوام الناس کو اعلیٰ کتابیں اور وہ بھی مفت فراہم کرنا ہے۔ امید ہے آپ سب ہمارے اس عظیم مقصد کی تائید کرتے ہیں۔ ہم (www.aiourdubooks.net) آپ کو نیٹ کی وسیع دنیا سے ہر قسم کی کتابیں فراہم کرتے ہیں۔ ہم بلا معاوضہ آپ کی اور علم وادب کی یہ خدمت سرانجام دے رہے ہیں۔ اس کے جواب میں ہم آپ سے درج ذیل باتوں کی توقع کرتے ہیں۔

۱۔ برائے مہربانی www.aiourdubooks.net کا نام اچھی طرح زہن نشین کرلیں۔ تا کہ اگر کسی وجہ سے سائیٹ گوگل میں نہ بھی ملے تو با آسانی ہماری سائیٹ تک پہنچ سکیں۔

۲۔ اگر کوئی کتاب پسند آئے تو اسے Share ضرور کریں تا کہ اور دوست احباب بھی اس سے مستفید ہوسکیں۔

۳۔ اس کے علاوہ آپ ہماری سائیٹ چھوڑنے سے پہلے شکریہ ادا کرتے جائیں تو ہم اس کے لئے شکر گزار ہوں گے۔

منجانب:۔

انتظامیہ: www.aiourdubooks.net

aiourdubooks.net

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/

PlayStore "Rohaandroid"

میر تقی میرؔ

الٹی ہوگئیں سب تدبیریں کچھ نہ دوا نے کام کیا
دیکھا اس بیماریٔ دل نے آخر کام تمام کیا

عہدِ جوانی رورو کاٹا، پیری میں لیں آنکھیں موند
یعنی رات بہت جاگے تھے، صبح ہوئی، آرام کیا

ناحق ہم مجبوروں پر یہ تہمت ہے مختاری کی
چاہتے ہیں سو آپ کریں ہیں ہم کو عبث بدنام کیا

سرزد ہم سے بے ادبی تو وحشت میں بھی کم ہی ہوئی
کوسوں اس کی اور گئے، پر سجدہ ہر ہر گام کیا

یاں کے سپید و سیاہ میں ہم کو دخل جو ہے، سو اتنا
رات کو رورو صبح کیا، یا دن کو جوں توں شام کیا

صبح چمن میں اس کو کہیں تکلیف ہوا لے آئی تھی
رخ سے گل کو مول لیا، قامت سے سروغلام کیا

ساعدِ سیمیں دونوں اس کے ہاتھ میں لاکر چھوڑ دیے
بھولے اس کے قول و قسم پر ہائے خیال خام کیا

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

میر تقی میرؔ

الٹی ہوگئیں سب تدبیریں کچھ نہ دوا نے کام کیا
دیکھا!اس بیماریٔ دل نے آخر کام تمام کیا

عہدِ جوانی رورو کاٹا ،پیری میں لیں آنکھیں موند
یعنی رات بہت جاگے تھے،صبح ہوئی ،آرام کیا

ناحق ہم مجبوروں پر یہ تہمت ہے مختاری کی
چاہتے ہیں سو آپ کریں ہیں ہم کو عبث بدنام کیا

سرزد ہم سے بے ادبی تو وحشت میں بھی کم ہی ہوئی
کوسوں اس کی اور گئے ،پر سجدہ ہر ہر گام کیا

یاں کے سپیدو سیاہ میں ہم کو دخل جو ہے ،سواتنا
رات کو رورو صبح کیا ،یا دن کو جوں توں شام کیا

صبح چمن میں اس کو کہیں تکلیف ہوا لے آئی تھی
رخ سے گل کو مول لیا، قامت سے سروغلام کیا

ساعدِ سیمیں دونوں اس کے ہاتھ میں لاکر چھوڑ دیے
بھولے اس کے قول وقسم پر ہائے خیال خام کیا

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

WWW.AIOURDUBOOKS.COM

ضروری التماس!

معزز خواتین وحضرات!

www.aiourdubooks.net کو پسند کرنے کے لئے آپ سب کا بہت بہت شکریہ! ہماری ویب سائیٹ کا مقصد علم وادب کی ترقی وترویج ہے۔ جیسا کہ آپ سب لوگ جانتے ہیں کہ کتابیں پڑھنے کا شوق دن بدن کم سے کم تر ہوتا جارہا ہے۔ اس امر کی کئی وجوہات ہیں لیکن سب سے بنیادی وجہ کتابوں کی بڑھتی ہوئی قیمتیں ہیں۔ ہمارا اولین مقصد عوام الناس کو اعلیٰ کتابیں اور وہ بھی مفت فراہم کرنا ہے۔ امید ہے آپ سب ہمارے اس عظیم مقصد کی تائید کرتے ہیں۔ ہم (www.aiourdubooks.net) آپ کو نیٹ کی وسیع دنیا سے ہر قسم کی کتابیں فراہم کرتے ہیں۔ ہم بلا معاوضہ آپ کی اور علم وادب کی یہ خدمت سرانجام دے رہے ہیں۔ اس کے جواب میں ہم آپ سے درج ذیل باتوں کی توقع کرتے ہیں۔

۱۔ برائے مہربانی www.aiourdubooks.net کا نام اچھی طرح زہن نشین کرلیں۔ تا کہ اگر کسی وجہ سے سائیٹ گوگل میں نہ بھی ملے تو با آسانی ہماری سائیٹ تک پہنچ سکیں۔

۲۔ اگر کوئی کتاب پسند آئے تو اسے Share ضرور کریں تا کہ اور دوست احباب بھی اس سے مستفید ہوسکیں۔

۳۔ اس کے علاوہ آپ ہماری سائیٹ چھوڑنے سے پہلے شکریہ ادا کرتے جائیں تو ہم اس کے لئے شکر گزار ہوں گے۔

منجانب:۔

انتظامیہ: www.aiourdubooks.net

aiourdubooks.net

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/

PlayStore "Rohaandroid"

ناصر کاظمی

دل دھڑکنے کا سبب یاد آیا
وہ تری یاد تھی اب یاد آیا

آج مشکل تھا سنبھلنا اے دوست
تو مصیبت میں عجب یاد آیا

دن گزارا تھا بڑی مشکل سے
پھر ترا وعدۂ شب یاد آیا

تیرا بھولا ہوا پیمان وفا
مر رہیں گے اگر اب یاد آیا

پھر کئی لوگ نظر سے گزرے
پھر کوئی شہرِ طرب یاد آیا

حالِ دل ہم بھی سناتے لیکن
جب وہ رخصت ہوا تب یاد آیا

بیٹھ کر سایۂ گل میں ناصر
ہم بہت روئے وہ جب یاد آیا

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

نجیب احمد

عشق آباد فقیروں کی ادا رکھتے ہیں
اور کیا اس کے سوا اہلِ انا رکھتے ہیں

م تہی دست کچھ ایسے بھی تہی دست نہیں
کچھ نہیں رکھتے مگر پاسِ وفا رکھتے ہیں

زندگی بھر کی کمائی یہ تعلق ہی تو ہے
کچھ بچے یا نہ بچے اس کو بچا رکھتے ہیں

شعر میں پھوٹتے ہیں اپنی زباں کے چھالے
نطق رکھتے ہیں مگر سب سے جدا رکھتے ہیں

ہم نہیں صاحبِ تکریم تو حیرت کیسی
سر پہ دستار نہ پیکر پہ عبا رکھتے ہیں

شہرِ آواز کی جھلمل سے دمک اٹھیں گے
شب خاموش کی رخ شمعِ نوا رکھتے ہیں

اک تری یاد گلے ایسے پڑی ہے کہ نجیب
آج کا کام بھی ہم کل پہ اٹھا رکھتے ہیں

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

WWW.AIOURDUBOOKS.COM

ضروری التماس!

معزز خواتین وحضرات!

www.aiourdubooks.net کو پسند کرنے کے لئے آپ سب کا بہت بہت شکریہ! ہماری ویب سائیٹ کا مقصد علم وادب کی ترقی وترویج ہے۔ جیسا کہ آپ سب لوگ جانتے ہیں کہ کتابیں پڑھنے کا شوق دن بدن کم سے کم تر ہوتا جارہا ہے۔ اس امر کی کئی وجوہات ہیں لیکن سب سے بنیادی وجہ کتابوں کی بڑھتی ہوئی قیمتیں ہیں۔ ہمارا اولین مقصد عوام الناس کو اعلیٰ کتابیں اور وہ بھی مفت فراہم کرنا ہے۔ امید ہے آپ سب ہمارے اس عظیم مقصد کی تائید کرتے ہیں۔ ہم (www.aiourdubooks.net) آپ کو نیٹ کی وسیع دنیا سے ہر قسم کی کتابیں فراہم کرتے ہیں۔ ہم بلا معاوضہ آپ کی اور علم وادب کی یہ خدمت سرانجام دے رہے ہیں۔ اس کے جواب میں ہم آپ سے درج ذیل باتوں کی توقع کرتے ہیں۔

۱۔ برائے مہربانی www.aiourdubooks.net کا نام اچھی طرح زہن نشین کرلیں۔ تا کہ اگر کسی وجہ سے سائیٹ گوگل میں نہ بھی ملے تو با آسانی ہماری سائیٹ تک پہنچ سکیں۔

۲۔ اگر کوئی کتاب پسند آئے تو اسے Share ضرور کریں تا کہ اور دوست احباب بھی اس سے مستفید ہوسکیں۔

۳۔ اس کے علاوہ آپ ہماری سائیٹ چھوڑنے سے پہلے شکریہ ادا کرتے جائیں تو ہم اس کے لئے شکر گزار ہوں گے۔

منجانب:۔

انتظامیہ: www.aiourdubooks.net

aiourdubooks.net

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/

PlayStore "Rohaandroid"

❖

نوشی گیلانی

مہتاب رتیں آئیں تو کیا کیا نہیں کرتیں
اس عمر میں تو لڑکیاں سویا نہیں کرتیں

کچھ لڑکیاں انجام نظر ہوتے ہوئے بھی
جب گھر سے نکلتی ہیں تو سوچا نہیں کرتیں

یاں پیاس کا اظہار ملامت ہے گنہ ہے
پھولوں سے کبھی تتلیاں پوچھا نہیں کرتیں

آنگن میں گھنے پیڑ کے نیچے تری یادیں
میلہ سا لگا دیتی ہیں 'اچھا نہیں کرتیں

قسمت جنہیں کردے شب ظلمت کے حوالے
آنچل وہ کسی نام کا اوڑھا نہیں کرتیں

جو لڑکیاں تاریک مقدر ہوں کبھی بھی
راتوں کو دیئے گھر میں جلایا نہیں کرتیں

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

ڈاکٹر وزیر آغا

دھار سی تازہ لہو کی شبنم افشانی میں ہے
صبح اک بھیگی ہوئی پلکوں کی تابانی میں ہے
آنکھ ہے لبریز، شاید رو پڑے گا تو ابھی
جیسے ذلت کا مداوا آنکھ کے پانی میں ہے
میں نہیں ہارا تو میرے حوصلے کی داد دے!
اک نیا عزمِ سفر اس خستہ سامانی میں ہے
بے ثمر، بے رنگ موسم برف کی صورت سفید
اور دل اڈے ہوئے رنگوں کی طغیانی میں ہے
آگ ہے سینے میں تیرے موجزن تو یاد رکھ
شمع سی روشن اندھیرے گھر کی ویرانی میں ہے
ان گنت رنگوں کے پر بکھرے پڑے ہیں ہر طرف
وقت کا گھایل پرندہ پھر سے جولانی میں ہے
کس گھنے جنگل میں جا کر اب چھپیں بستی کے لوگ
آنکھ سی ابھری ہوئی سورج کی پیشانی میں ہے

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

WWW.AIOURDUBOOKS.COM

ضروری التماس!

معزز خواتین وحضرات!

www.aiourdubooks.net کو پسند کرنے کے لئے آپ سب کا بہت بہت شکریہ! ہماری ویب سائیٹ کا مقصد علم وادب کی ترقی وترویج ہے۔ جیسا کہ آپ سب لوگ جانتے ہیں کہ کتابیں پڑھنے کا شوق دن بدن کم سے کم تر ہوتا جارہا ہے۔ اس امر کی کئی وجوہات ہیں لیکن سب سے بنیادی وجہ کتابوں کی بڑھتی ہوئی قیمتیں ہیں۔ ہمارا اولین مقصد عوام الناس کو اعلیٰ کتابیں اور وہ بھی مفت فراہم کرنا ہے۔ امید ہے آپ سب ہمارے اس عظیم مقصد کی تائید کرتے ہیں۔ ہم (www.aiourdubooks.net) آپ کو نیٹ کی وسیع دنیا سے ہر قسم کی کتابیں فراہم کرتے ہیں۔ ہم بلا معاوضہ آپ کی اور علم وادب کی یہ خدمت سرانجام دے رہے ہیں۔ اس کے جواب میں ہم آپ سے درج ذیل باتوں کی توقع کرتے ہیں۔

۱۔ برائے مہربانی www.aiourdubooks.net کا نام اچھی طرح زہن نشین کرلیں۔ تا کہ اگر کسی وجہ سے سائیٹ گوگل میں نہ بھی ملے تو با آسانی ہماری سائیٹ تک پہنچ سکیں۔

۲۔ اگر کوئی کتاب پسند آئے تو اسے Share ضرور کریں تا کہ اور دوست احباب بھی اس سے مستفید ہوسکیں۔

۳۔ اس کے علاوہ آپ ہماری سائیٹ چھوڑنے سے پہلے شکریہ ادا کرتے جائیں تو ہم اس کے لئے شکر گزار ہوں گے۔

منجانب:۔

انتظامیہ: www.aiourdubooks.net

aiourdubooks.net

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/

PlayStore "Rohaandroid"

❖

یاسمین حمید

سبک ہوتی ہوا سے تیز چلنا چاہتی ہوں
میں اک جلتے دیے کے ساتھ جلنا چاہتی ہوں
غبارِ بے یقینی نے مجھے روکا ہوا ہے
زمیں سے پھوٹ کر باہر نکلنا چاہتی ہوں
میں خود سہمی ہوئی ہوں آئنے کے ٹوٹنے سے
بہت آہستہ سطحِ دل پہ چلنا چاہتی ہوں
نمودِ صبح سے پہلے کا لمحہ دیکھنے کو
اندھیری رات کے پیکر میں ڈھلنا چاہتی ہوں
میں شہرِ شب کو آنکھوں کی دعا دینے سے پہلے
در و دیوار کا چہرہ بدلنا چاہتی ہوں
کسی کے خواب کی تکمیل میں پتھر ہوئی تھی
اب اپنے خواب کی لو سے پگھلنا چاہتی ہوں

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

ضیا جالندھری

رنگ باتیں کریں اور باتوں سے خوشبو آئے
درد پھولوں کی طرح مہکے اگر تو آئے
بھیگ جاتی ہیں اس امید پر آنکھیں ہر شام
شاید اس رات وہ مہتاب لب جو آئے
ہم تیری یاد سے کترا کے گذر جاتے مگر
راہ میں پھولوں کے لب سایوں کے گیسو آئے
وہی لب تشنگی اپنی ، وہی ترغیب سراب
دشت معلوم کی ہم آخری حد چھو آئے
سینے ویران ہوئے انجمن آباد رہی
کتنے گل چہرہ گئے ، کتنے پری رو آئے
آزمائش کی گھڑی سے گذر آئے تو ضیاؔ
جشن غم جاری ہوا آنکھ میں آنسو آئے

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

WWW.AIOURDUBOOKS.COM

ضروری التماس!

معزز خواتین وحضرات!

www.aiourdubooks.net کو پسند کرنے کے لئے آپ سب کا بہت بہت شکریہ! ہماری ویب سائیٹ کا مقصد علم وادب کی ترقی وترویج ہے۔ جیسا کہ آپ سب لوگ جانتے ہیں کہ کتابیں پڑھنے کا شوق دن بدن کم سے کم تر ہوتا جارہا ہے۔ اس امر کی کئی وجوہات ہیں لیکن سب سے بنیادی وجہ کتابوں کی بڑھتی ہوئی قیمتیں ہیں۔ ہمارا اولین مقصد عوام الناس کو اعلیٰ کتابیں اور وہ بھی مفت فراہم کرنا ہے۔ امید ہے آپ سب ہمارے اس عظیم مقصد کی تائید کرتے ہیں۔ ہم (www.aiourdubooks.net) آپ کو نیٹ کی وسیع دنیا سے ہر قسم کی کتابیں فراہم کرتے ہیں۔ ہم بلا معاوضہ آپ کی اور علم وادب کی یہ خدمت سرانجام دے رہے ہیں۔ اس کے جواب میں ہم آپ سے درج ذیل باتوں کی توقع کرتے ہیں۔

۱۔ برائے مہربانی www.aiourdubooks.net کا نام اچھی طرح زہن نشین کرلیں۔ تا کہ اگر کسی وجہ سے سائیٹ گوگل میں نہ بھی ملے تو با آسانی ہماری سائیٹ تک پہنچ سکیں۔

۲۔ اگر کوئی کتاب پسند آئے تو اسے Share ضرور کریں تا کہ اور دوست احباب بھی اس سے مستفید ہوسکیں۔

۳۔ اس کے علاوہ آپ ہماری سائیٹ چھوڑنے سے پہلے شکریہ ادا کرتے جائیں تو ہم اس کے لئے شکر گزار ہوں گے۔

منجانب:۔

انتظامیہ: www.aiourdubooks.net

aiourdubooks.net

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/

PlayStore "Rohaandroid"

❖

شکیب جلالی

مرجھا کے کالی جھیل میں گرتے ہوئے بھی دیکھ
سورج ہوں ، میرا رنگ مگر دن میں ڈھلے بھی دیکھ

کاغذ کی کترنوں کو بھی کہتے ہیں لوگ پھول
رنگوں کا اعتبار بھی کیا ، سونگھ کے بھی دیکھ

عالم میں جس کی دھوم تھی اس شاہکار پر
دیمک نے جو لکھے کبھی ، وہ تبصرے بھی دیکھ

تو نے کہا نہ تھا کہ میں کشتی پہ بوجھ ہوں
آنکھوں کو اب نہ ڈھانپ ، مجھے ڈوبتے بھی دیکھ

تو بھی برہنہ پا نہیں ، اس جلتی ریت پر
تلووں میں جو ہوا کے ہیں وہ آبلے بھی دیکھ

بچھتی تھی جس کی راہ میں ، پھولوں کی چادریں
اب اس کی خاک گھاس کے پیرو تلے بھی دیکھ

کیا شاخ! بارثمر ہے جو تکتا ہے فرش کو
نظریں اٹھا شکیبؔ کبھی سامنے بھی دیکھ

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

حسن رضوی

مدت سے مرا دل ہے کہ آباد نہیں ہے
ہونٹوں پہ مگر آج بھی فریاد نہیں ہے
آتا ہے خیالوں میں مرے ایک ہی چہرہ
بس اس کے سوا کچھ بھی مجھے یاد نہیں ہے
پھرتے ہیں سبھی لوگ یہاں سہمے ہوئے سے
اس شہر میں جیسے کوئی آزاد نہیں ہے
دیکھا ہے اجڑے ہوئے کتنے ہی گھروں کو
ہے کون جو اس عشق میں برباد نہیں ہے
خاصیا ہے نیا رنگِ غزل میرؔ کا اب بھی
یہ طرز کسی اور کی ایجاد نہیں ہے
دل جس کی جدائی میں دھڑکتا ہے سرِ شام
وہ عام سا چہرہ ہے، پری زاد نہیں ہے
اک لہر سی اٹھتی ہے حسنؔ آج بھی دل میں
اس لہر کے اٹھنے کا سبب یاد نہیں ہے

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

منیر احمد

زندگی گزرنے میں دیر کتنی لگتی ہے
آشیاں اجڑنے میں دیر کتنی لگتی ہے
موسموں سے کرتے ہو جانِ جاں گلہ یونہی
آدمی بدلنے میں دیر کتنی لگتی ہے
یادوں کی چتاؤں پر آنکھ جب بھی روتی ہے
روح کے نکلنے میں دیر کتنی لگتی ہے
زندگی کی راہوں پر کیوں اداس پھرتے ہو
زندگی بدلنے میں دیر کتنی لگتی ہے
تم سے جو محبت ہے ساتھ ساتھ چلتے ہیں
راستہ بدلنے میں دیر کتنی لگتی ہے
شمع بن تو بیٹھے ہو آج بزم الفت میں
شعلہ بن کے بجھنے میں دیر کتنی لگتی ہے
جس قدر بھی جی لیں، ہم پھر بھی مر ہی جانا ہے
خاک بن کے اڑنے میں دیر کتنی لگتی ہے

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

عبدالمجید عدمؔ

ملی ہے تیری نظر ، ترکِ اعتبار کے بعد
کھلے ہیں پھول مگر موسمِ بہار کے بعد
ترے ملاپ کی ، یہ آخری تسلی تھی
اب اور کیا ہے قیامت کے انتظار کے بعد
گئے ہیں ہم بی گلستاں میں بارہا لیکن
کبھی بہار سے پہلے ، کبھی بہار کے بعد
کبھی کبھی تو وہ اس دلکشی سے ملتے ہیں
کہ جیسے چاند نکلتا ہے ، انتظار کے بعد
بٹھا کے گھر میں مجھے ، خود وہ ہو گیا غائب
کہ خوار ہو کے نکل جاؤ ، انتظار کے بعد
عدم سحر کو ، پتنگوں کی راکھ کہتی ہے
یہ حال ہوتا ہے ، زہرہ وشوں کے پیار کے بعد

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

عذرا بتول

اپنے سینے سے لگا کر نشانی اس کی
دل کو ہر روز سناتی ہوں کہانی اس کی
آج کیوں اس کو منانے کی ضدیں سوچتا ہے ؟
دل نے کل تک کوئی بات نہ مانی اس کی
پھر سے مل کر نہ بچھڑنے کی قسم کھائے گا
سوچ لینا کہ یہ عادت ہے پرانی اس کی
جب بھی ڈھونڈا ہے اسے صورت دریا ڈھونڈا
آ گئی اپنی طبیعت میں روانی اس کی
برف پگھلی ہے بہت اب کے پہاڑوں سے ادھر
یاد آئی ہے بہت شعلہ بیانی اس کی
میری ہر صبح اسی فکر میں گذری عذرا
کیسے گذرے گی بھلا شام سہانی اس کی

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

طاہر عباس

جب تم سے ملاقات کی صورت نہیں ہوتی
جینے کی مجھے کوئی ضرورت نہیں ہوتی

پتھر کی طرح ہے وہ کسی راہ گذر میں
جس دل میں مری جان محبت نہیں ہوتی

دن میرا گزرتا ہے تری راہ کو تکتے
راتوں کو تری یاد سے فرصت نہیں ہوتی

وہ گھر کسی ویران جزیرے کی طرح ہے
بچوں کی جہاں کوئی شرارت نہیں ہوتی

وہ شہر ہنر میں کبھی زندہ نہیں رہتا
جس کے کبھی خیالات میں جدت نہیں ہوتی

اے دوست عبادت کے تقاضے ہیں بہت کچھ
سجدوں ہی سے تکمیلِ عبادت نہیں ہوتی

حیرت کدۂ نورِ ازل میں ہوں میں طاہر
اب مجھ کو کسی بات پہ حیرت نہیں ہوتی

aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

عزم بہزاد

مرے غم گسار تجھ سے مرا ربط مختصر ہے
تجھے موسموں کی خواہش مجھے آندھیوں کا ڈر ہے
مری ایک ہی صدا پر سر بام آنے والے
تجھے آج کیا ہوا ہے تری روشنی کدھر ہے
نہ وہ رنگ دوستی کے نہ وہ داغ بے رخی کے
کوئی زخم ہے نہ مرہم کوئی دشت ہے نہ گھر ہے
تجھے ہم سفر مہیا مجھے بال و پر میسر
تجھے راہ کی طلب ہے ، مجھے راہ کی خبر ہے
مرے عہد کی محبت ہے سپردگی سے غافل
نہ لحاظ نقش پا ہے نہ طواف بام و در ہے
وہ گروہ سینہ چاکاں مری سمت یوں نہ آیا
اسے علم ہو گیا تھا میرے پاس چشم تر ہے
مجھے عزم بے گھری کا نہیں یوں بھی کوئی شکوہ
یہاں جس کا اپنا گھر ہے وہ زیادہ در بدر ہے

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

فہیم رودلوی

میں دلِ زدہ یہ روش اختیار کیا کرتا
سرِ صلیب نفس فکرِ دار کیا کرتا

بجھا کے سو گیا آخر چراغِ جاں کوئی
یقینِ صبح نہ تھا انتظار کیا کرتا

نہ بچ سکے کسی صورت سے آئینہ چہرے
ہوا ہی ایسی چلی تھی غبار کیا کرتا

خود اپنی کرچیاں مجھ سے کبھی گنی نہ گئیں
کہاں کہاں کے تھے پتھر شمار کیا کرتا

کسی طرح نہ دھوئیں کا حصار ٹوٹ سکا
فریب خوردۂ لیل و نہار کیا کرتا

گمان ترکِ تمنا تو کر سکا نہ فہیم
طلسمِ گیسو و رخ سے فرار کیا کرتا

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

فیروز خسرو

تیرے ہی نہیں صرف طلب گار بہت ہم
ہیں عشق میں اپنے بھی گرفتار بہت ہم
ہے ساتھ جو دم کے اسے ہر دم رکھا تنہا
اک شخص کو دیتے رہے آزار بہت ہم
دیکھا نہ کھلی آنکھ سے اس نے بھی ٹھہر کر
ہر راہ کو سمجھا کئے ہموار بہت ہم
اچھا ہے نہ رکھ تو بھی کوئی ہم سے تعلق
بدنام ہیں اس شہر میں اے یار بہت ہم
پیدا ہوئی ہر بات ہے اقرار کی صورت
کرتے رہیں ہر بات سے اقرار بہت ہم
بہتر سے بھی بہتر کی رہے کھوج میں خسرو
ہو گئے اپنے لئے دشوار بہت ہم

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

خاطر غزنوی

جب اس زلف کی بات چلی
ڈھلتے ڈھلتے رات ڈھلی
پھر بھی چنکی پھر بھی ہنسی
دیکھ کے سب حالات کلی
شمع کا بھی انجام نہ پوچھ
پروانوں کے ساتھ جلی
اب کے بھی تم دور رہے
اب کے بھی برسات چلی
ان آنکھوں نے لوٹ کے بھی
اپنے اوپر بات نہ لی
خاطر یہ ہے بازیٔ دل
اس میں جیت سے مات بھلی

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

ادیبؔ سہارنپوری

اک خلش کو حاصلِ عمرِ رواں رہنے دیا
جان کر ہم نے انہیں نا مہرباں رہنے دیا

آرزوئے قرب بھی بخشی دلوں کو عشق نے
فاصلہ بھی میرے ان کے درمیاں رہنے دیا

کتنی دیواروں کے سائے ہاتھ پھیلاتے رہے
عشق نے لیکن ہمیں بے خانماں رہنے دیا

اپنے اپنے حوصلے اپنی طلب کی بات ہے
چن لیا ہم نے تمہیں ، سارا جہاں رہنے دیا

کون اس طرزِ جفائے آسماں کی داد دے
باغ سارا پھونک ڈالا آشیاں رہنے دیا

یہ بھی کیا جینے میں جینا ہے بغیر ان کے ادیبؔ
شمع گل کردی گئی باقی دھواں رہنے دیا

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/

aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

بقا نظامی

کرتے رہے قبول سدا غم خوشی سے ہم
باز آئے ایسی رسم و رہ عاشقی سے ہم

وحشت کا عمر بھر یہ حاصل تو دیکھیے
مانوس ہو سکے نہ کبھی کسی سے ہم

اس التفات خاص سے دل گھبرا گیا ہے
بیزار ہو گئے ہیں تیری بے رخی سے ہم

دنیا کے نام پر کبھی عقبیٰ کے نام پر
کھاتے رہے فریب بڑی سادگی سے ہم

لاکھوں تعینات کے پردوں میں ہیں نہاں
تنگ آ گئے ہیں آپ کی جلوہ گری سے ہم

کچھ تو خیال کیجئے آداب عاشقی کا
مایوں ہو نہ جائیں کہیں برہمی سے ہم

ہاں ہاں جفا بقدر وفا بھی نہیں بقا
وعدہ کریں گے اب نہ وفا کا کسی سے ہم

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

عندلیب شادانی

دیر لگی آنے میں تم کو شکر ہے پھر بھی آئے تو
آس نے دل کا ساتھ نہ چھوڑا ویسے ہم گھبرائے تو

شفق، دھنک، مہتاب، گھٹائیں، تارے، نغمے، بجلی، پھول
اُس دامن میں کیا کیا کچھ ہے وہ دامن ہاتھ میں آئے تو

چاہت کے بدلے میں ہم تو بیچ دیں اپنی مرضی تک
کوئی ملے تو دل کا گاہک کوئی ہمیں اپنائے تو

کیوں یہ مہر انگیز تبسم مدّ نظر جب کچھ بھی نہیں
ہائے کوئی انجان اگر اس دھوکے میں آجائے تو

سنی سنائی بات نہیں یہ اپنے اوپر بیتی ہے
پھول نکلتے ہیں شعلوں سے، چاہت آگ لگائے تو

جھوٹ ہے سب تاریخ ہمیشہ اپنے آپ کو دھراتی ہے
اچھا! میرا خواب جوانی تھوڑا سا دہرائے تو

نادانی اور مجبوری میں یارو کچھ تو فرق کرو
اک بے کس انسان کرے کیا ٹوٹ کے دل آجائے تو

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

رضی اختر شوق

یوں تو لکھنے کے لئے کیا نہیں لکھا میں نے
پھر بھی جتنا تجھے چاہا نہیں لکھا میں نے
یہ تو اک لہر میں کچھ رنگ جھلک آئے ہیں
ابھی مجھ میں ہے جو دریا نہیں لکھا میں نے
میرے ہر لفظ کی وحشت میں ہے اک عمر کا شوق
یہ کوئی کھیل تماشا نہیں لکھا میں نے
لکھنے والا میں عجب ہوں کہ اگر کوئی خیال
اپنی حیرت سے نہ نکلا نہیں لکھا میں نے
مری نظروں سے جو ایک بار نہ پہنچا تجھ تک
پھر وہی مکتوب دوبارہ نہیں لکھا میں نے
میری سچائی ہر اک لفظ سے اُڈ دیتی ہے
جیسے سب لکھتے ہیں ویسا نہیں لکھا میں نے

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

تاجدار عادلؔ

ہر ایک چہرے پہ دل کو گمان اس کا تھا
بسا نہ کوئی یہ خالی مکان اس کا تھا
میں اس طلسم سے باہر کہاں تلک جاتا
فضا کھلی تھی مگر آسمان اس کا تھا
پھر اس کے بعد کوئی بات بھی ضروری نہ تھی
میرے خلاف سہی وہ بیان اس کا تھا
ادا شناس فقیروں میں مصلحت کیسی
وہ جو بھی کہتا گیا ہم زبان اس کا تھا
تمام دکھ میری آنکھوں میں بجھ گئے لیکن
جو دھیرے دھیرے جلا تھا نشان اس کا تھا
محبتوں کی کہانی میں کون شامل تھا
مجھے تو بارہا خود پر گمان اس کا تھا
ہوا نے اب کے جلائے چراغ رستے میں
کہ میری راہ میں عادلؔ مکان اس کا تھا

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

رسا چغتائی

ترے نزدیک آکر سوچتا ہوں
میں زندہ تھا کہ اب زندہ ہوا ہوں
جن آنکھوں سے مجھے تم دیکھتے ہو
میں ان آنکھوں سے دنیا دیکھتا ہوں
یہ صحرا ہے کہ شہر سامری ہے
میں آوازوں سے سر ٹکرا رہا ہوں
وہ کوئی اور ہو گا عکسِ دریا!
میں اپنے عکس کو پہچانتا ہوں
جسے تم نے ابھی سمجھا نہیں ہے
میں اپنے عہد کا وہ سانحہ ہوں
غم اندیشہ ہائے زندگی کیا!
تپش سے آگہی کی جل رہا ہوں

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

حسرتؔ جے پوری

ستارے چل دیئے وہ جانِ من آتے تو جاتے
سحر ہونے کو ہے وہ گل بدن آتے تو جاتے

چراغِ زندگی اب ہچکیاں لے لے کے روتا ہے
وہ جانِ زندگی وعدہ شکن آتے تو جاتے

بہاروں نے بھی ان کو خط لکھا گل کے پردوں میں
خزاں آنے کو ہے رنگِ پیرہن آتے تو جاتے

لگالی ہوگی مہندی پاؤں میں یہ بھی تو بہانہ ہے
وہ لالہ رخ وہی شعلہ بدن آتے تو جاتے

یہ محفل ہے کہ صحرا ہے اداسی ہی اداسی ہے
مرے محبوب حسن انجمن آتے تو جاتے

کسی کے عشق میں کھوئے ہوئے رہتے ہیں وہ حسرتؔ
اگر ہوتی نہیں میری لگن آتے تو جاتے

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

ریحان اعظمی

دل جلوں سے دل جلوں کا رابطہ اچھا لگا
دو گھڑی مل بیٹھنے کا سلسلہ اچھا لگا

کوئی خوبی تو نہ تھی مجھ میں کہ چاہا جاؤں میں
پھر نجانے کیوں اسے چہرا مرا اچھا لگا

رات ساری جاگنے کے بعد مجھ کو صبح دم
نیم باز آنکھوں سے اس کا دیکھنا اچھا لگا

بات میری اور اس کا مخاطب ہونا غیر سے
اُس کا یہ طرزِ تکلم بات کا اچھا لگا

سر میرے سینے پہ رکھ کے اس نے شرماتے ہوئے
ساتھ جینے مرنے کا وعدہ کیا اچھا لگا

اپنے چہرے پر جو دیکھے اس کے ہونٹوں کے نقوش
مدتوں کے بعد مجھ کو آئینہ اچھا لگا

عمر بھر جاگے مگر ریحانؔ اس شب کی قسم
ساتھ ان کو بھی جگا کر جاگنا اچھا لگا

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

شہناز نور

لکھے قرطاسِ حال پر نام کوئی
نظر کو چاہیے الزام کوئی
ہمارے درمیاں ہم ہی ہوں دونوں
منائی جائے ایسی شام کوئی
نہ اُڑ جائیں پرندے خواہشوں کے
تسلی کا بھی رکھنا دام کوئی
ہیں میرے نام یوں تو وحشتیں سب
مگر یہ بھی ہوا انعام کوئی
اب اپنی بے نیازی پر ہے نادم
مگر جب ہو چکا بدنام کوئی
بڑھا کر نور دل کی دھڑکنیں پھر
کیے دیتا ہے بے آرام کوئی

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

کامران بشر

سفر میں نقشِ پا کو مستند کرتے ہوئے چلئے
نفس کی خواہشِ بے جا کو رد کرتے ہوئے چلئے
مسافت کی طوالت کا جب اندازہ نہیں کوئی
یہیں سے انتظاماتِ رسد کرتے ہوئے چلئے
وہ جلتے ہیں تو جلنے دیں کہ ان کا اپنا منشاء ہے
نہ خود لیکن کسی شے سے حسد کرتے ہوئے چلئے
حقیقت ہے جو بوئیں گے وہ کاٹیں گے تو ایسے میں
مدد چاہیں تو اوروں کی مدد کرتے ہوئے چلئے
رہِ ہستی میں امکاناتِ لغزش ہیں بہر لحہ
بہر پہلو تمیزِ نیک و بد کرتے ہوئے چلئے
کبھی اُجرت نوازی میں وہ کوتاہی نہیں کرتا
بشرؔ اپنا عمل با شدّ و مد کرتے ہوئے چلئے

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

نجیب قاصر

میں فانی ہوں مگر افکار ہیں تحریر پتھر کی
پڑھا جس نے وہ خود بھی بن گیا تصویر پتھر کی

اگر ثانی ہے کوئی تو بتاؤ میرے صانع کا
زبانِ قال سے گویا ہوئی تصویر پتھر کی

کوئی دیتا ہے بوسہ کوئی آنکھوں سے لگاتا ہے
حرم میں نصب ہوکر بن گئی تقدیر پتھر کی

غلط ہے اک بت کافر سے میں کیوں دل لگا بیٹھا
سزا ملنی تھی آخر اس میں کیا تقصیر پتھر کی

مرا احوالِ غم تھا یا مرا طرزِ بیاں ایسا
سنا تو سنتے سنتے رو پڑی تصویر پتھر کی

مثالِ سنگ تھا جب تک زمانہ بچ کے چلتا تھا
میں آئینہ بنا مجھ کو ملی تعزیر پتھر کی

ہمارے عہد کا یہ معجزہ کچھ کم نہیں قاصر
کہ شرمانے لگی ہیرے کو بھی تنویر پتھر کی

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

محمد محمود مغل

غموں کی دھوپ نے اس کو اجال رکھا ہے
تمہارا درد ملا تھا سنبھال رکھا ہے
میرے خدا سبھی پر عذاب نازل ہوں
جنوں کا نام جنہوں نے وبال رکھا ہے
خودی کے نام پر دھوکہ نہ دے مجھے واعظ
یہ لفظ دل سے کبھی کا نکال رکھا ہے
عجیب شخص تھا لفظوں کو تولنے والا
وفا کے نام کو جس نے ملال رکھا ہے
تمہاری یاد کی حد سے نکل نہیں پایا
تمہاری ذات میں ایسا کمال رکھا ہے
میرے وجود سے اُٹھتا دھواں بتاتا ہے
سلگتا کوئلہ بھر جمال رکھا ہے
کبھی ملوں گا تو پوچھوں گا میں ضرور مغل
وہ کیا ہے کرب جو سینے میں پال رکھا ہے

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

رخسانہ صبا

پلکوں کی دہلیز پہ سپنا رکھنا پڑتا ہے
خود کو ہر اک حال میں زندہ رکھنا پڑتا ہے

رشتے کی یہ ڈور بہت کمزور سہی لیکن
اس دنیا سے کوئی تو رشتہ رکھنا پڑتا ہے

نئی نویلی کومل کومل آرزوؤں کے بیچ
آنکھوں میں اک خواب پرانا رکھنا پڑتا ہے

جانے کس لمحے بڑھ جائے غم کی طغیانی
دل دریا میں کوئی جزیرہ رکھنا پڑتا ہے

پھیل نہ جائے من آنگن میں جسم کی تاریکی
روح میں روشن درد کا شعلہ رکھنا پڑتا ہے

جیت اور مات کے نشے کی سرشاری ہے ایسی
ایک بھنور اور ایک کنارا رکھنا پڑتا ہے

کب کس روز رفاقت کا مفہوم بدل جائے
رستے میں ایک اور بھی رستہ رکھنا پڑتا ہے

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

شناور

آج پھر تنہائی ہے ، شامِ غم در آئی ہے
جاں مری گھبرائی ہے ، شامِ غم در آئی ہے
آنکھ پھر بھر آئی ہے ، پھر دھواں چھانے لگا
یاد پھر وہ آئی ہے ، شامِ غم در آئی ہے
ہجر کا خنجر میرے جسم و جاں میں کھپ گیا
پھر اندھیرا لائی ہے ، شامِ غم در آئی ہے
وہ انوکھی بات تھی پیار کی سوغات تھی
اب کہاں رعنائی ہے ، شامِ غم در آئی ہے
کون چاہے گا اسے بعد میرے دیکھنا
کس پہ وہ اترائی ہے ، شامِ غم در آئی ہے
میں چمکتی چیز کو سونا سمجھا کیوں بھلا
میں نے ٹھوکر کھائی ہے ، شامِ غم در آئی ہے
اب شناور بھول جا سنگ اس کا مل سکے
بخت میں تنہائی ہے ، شامِ غم در آئی ہے

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

مظہر ہانی

اوروں کی تو چاہت ہے ذرا اور طرح کی
ہے میری محبت بخدا اور طرح کی

جانے تری زلفوں کی مہک کیوں نہیں جاتی
خوشبو لئے پھرتی ہے صبا اور طرح کی

جنت کی فضاؤں میں بھی یہ حسن نہیں ہے
ہے کچھ ترے کوچے کی فضا اور طرح کی

خود مجھ کو بھی آواز سنائی نہیں دیتی
ہے دل کے دھڑکنے کی صدا اور طرح کی

یوں میرے رفیقوں نے نوازا تو بہت ہے
پر تیری رفاقت ہے ذرا اور طرح کی

پھولوں کی قبا سے اُسے نسبت نہیں ہانی
ہے اس کے بدن پر تو قبا اور طرح کی

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

فرخ اظہار صدیقی

جاں سے اپنی گذر گیا ہوتا
تم نہ ملتے تو مر گیا ہوتا

ہوں سلامت تبھی تو ہوں یکجا
ٹوٹتا تو بکھر گیا ہوتا

وہ تو مقتل میں سوگ تھا ورنہ
آج اپنا بھی سر گیا ہوتا

انتہا بے رخی کی کرنے میں
کاش میں آپ پر گیا ہوتا

ناصحوں نے ذرا سی غفلت کی
ورنہ میں بھی سدھر گیا ہوتا

درد ہوں اس لئے تو اُٹھتا ہوں
زخم ہوتا تو بھر گیا ہوتا

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

جلیل عشرتؔ

وہ دور تھا نظر سے مگر رابطے میں تھا
ہر لمحہ حرف حرف میرے حافظے میں تھا

حسرت سے تک رہا تھا نسیمِ بہار کو
اک پیڑ بے ثمر جو کھڑا راستے میں تھا

قرطاسِ دل پہ نقش اُبھرتا تو کس طرح
عکسِ جمالِ یار کئی مرحلے میں تھا

آئینہ دار تھا مرے بختِ سیاہ کا
خاموش اک چراغ جو ظلمت کدے میں تھا

مجھ کو سحابِ وقت کی بارش نہ چھو سکی
جب تک شعور و فکر کے میں دائرے میں تھا

پاگل بنا دیا اسے میری شکست نے
میں جنگ ہار کر بھی بڑے فائدے میں تھا

عشرتؔ ستم ظریفیِ حالات کیا کہوں
میرے خلاف میرا ہی گھر معرکے میں تھا

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

ساجد وارثی

میں دیکھتا تجھے کبھی مہلت نہیں ملی
مجھ کو غمِ حیات سے فرصت نہیں ملی
منصف کے حکم سے مجھے سب کچھ تو مل گیا
لیکن حیاتِ نو کی ضمانت نہیں ملی
گلشن تو مل گیا ملی فصلِ بہار بھی
لیکن کہیں بھی پھولوں کی نکہت نہیں ملی
میں ایسا خوش نصیب ، مقدر تو دیکھئے
بیٹے کے جشنِ شادی میں دعوت نہیں ملی
کاندھے پہ جارہا ہے زمانے کے دیکھئے
دنیا میں جیتے جی جسے عزت نہیں ملی
پتھر ہے ، ریگ زار ہے ، بنجر زمین ہے
جس آدمی کو درد کی لذت نہیں ملی
ساجد اکیلا دشتِ وفا میں ہوں گامزن
کیا غم جو رہنماء کی رفاقت نہیں ملی

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

انور شعورؔ

یاد آئے گی بہت خلد میں خاکی دنیا
اہلِ ظلم ، اہلِ ستم ، اہلِ جفا کی دنیا
کوئی تعمیر ہمیشہ نہیں رہتی باقی
آہ یہ ریت کی دنیا ، یہ ہوا کی دنیا
لاکھ بچتا ہے دلِ سادہ و معصوم مگر
حلیہ جُو اور فریبی ہے بلا کی دنیا
ہم نے چھوڑا نہیں اشکوں سے چراغاں کرنا
گو اس اظہارِ مسرت پہ ہنسا کی دنیا
دہر کی لہر بناتی ہے فنا کرتی ہے
ہم غریبوں نے بنائی نہ فنا کی دنیا
اس مسیحی کی سمجھ میں نہیں آتا بالکل
ہے کس اُمید پہ قائم غربا کی دنیا
مدتوں بعد سہی قدر تو کرتی ہے شعورؔ
چیدہ چیدہ شعراء و ادباء کی دنیا

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

ظہیر کشمیری

ترے ملبوں کی ٹھنڈی ہوا تکلیف دیتی ہے
جنوں میں آتشی کی ہر ادا تکلیف دیتی ہے
مجھے مانوسِ زنداں کر دیا تیری محبت نے
مجھے کیوں کر بھلا زنجیرِ پا تکلیف دیتی ہے
عجب کیا ہے بنائے لالہ و گل میں خرابی ہو
کسے ورنہ بہاروں کی ہوا تکلیف دیتی ہے
سرِ ساحل کوئی تدبیر کر لیتے تو بہتر تھا
سرِ گرداب سعیِ ناخدا تکلیف دیتی ہے
کھلے بندوں عروسِ زندگی کو جب سے دیکھا ہے
حرم کا نام ، بانو کی ردا تکلیف دیتی ہے
زمانہ فخر کرتا ہے مرے طرزِ تکلم پر
مگر مجھ کو زبانِ مدعا تکلیف دیتی ہے
ظہیر اب تو بہاروں کی جفا سے جی لرزتا ہے
یہ عالم ہے کہ اب بادِ صبا تکلیف دیتی ہے

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

❖

وضاحت نسیم

بے بسر ہو تو یہ دن کیسے گزارا جائے
اسی اُلجھن میں کہیں وقت نہ مارا جائے
حال کھل جائے گا پیچیدگی بڑھ جائے گی
زلفِ برہم کو اب اتنا نہ سنوارا جائے
یاد میں اشک لٹائے ہیں بہت ساون بھر
اب کے ساون میں مرا قرض اُتارا جائے
خواب ہی دیکھتے رہئے یہ کہاں ممکن ہے
اب ذرا خود کو حقیقت سے گزارا جائے
کیفیت یاس کی چپ چاپ کئے دیتی ہے
ہم نے سوچا کہ چلو تم کو پکارا جائے
بڑے دلچسپ رویے ہیں جہاں والوں کے
ان کو تو ان کے رویوں سے ہی مارا جائے

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/
aiourdubooks.net

PlayStore "Rohaandroid"

مشہور شاعروں کی شاہکار غزلوں پر مبنی کتاب

100 مشہور غزلیں



Rohaandroid

Ph:
2773302 شمع بک ایجنسی نیو اُردو بازار کراچی

www.facebook.com/mastiyan.com.pk/

aiourdubooks.net